

دلائل الخیرات
اور
دعائے حزب البحر
تصنیف
فنا فی الرسول شیخ ابو عبداللہ محمد بن سلیمان الجزولی رحمہ اللہ تعالیٰ
ترجمہ
بقیۃ السلف شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری
تصنیف حزب البحر
حضرت شیخ سید ابو الحسن شاذلی رحمہ اللہ تعالیٰ
مکتبہ قادریہ ۔ لاہور

نام کتاب	(۱) دلائل الخیرات (۲) دُعائے حزبُ البحر
تصنیف	(۱) حضرت شیخ ابُوعبداللہ محمّد بن سلیمان الجزولی (۲) حضرت شیخ سیّد ابُوالحسن شاذلی رحمہما اللہ تعالیٰ
ترجمہ	محمّد عبدالحکیم شرف قادری
کتابت	احمد علی بُھٹہ زیدت معالیہ
باہتمام	حافظ قاری نثار احمد قادری سلمہ اللہ تعالیٰ
اشاعت	ماہ ربیع الاوّل ۱۴۲۴ھ/ ۲۰۰۳ء
مطبع	
ہدیہ	

ملنے کا پتہ

مکتبہ قادریہ (محی الدین منزل) داتا دربار مارکیٹ۔ لاہور ph7226193:

برکاتی منزل بالمقابل علیم سکول لالہ زار فیروز، رائیونڈ روڈ۔ لاہور

فہرست

درود ہزارہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مِّائَۃَ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

۱۴۲۴ھ

مقدّمہ از مترجم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

اللّٰہ تعالیٰ کی ان گنت مخلوقات میں سرِ فہرست انسان ہے، غور کریں تو یہ کہنا پڑے گا کہ تمام مخلوقات انسان ہی کے لئے بنائی گئی ہیں، اب یہ ہمارے سوچنے کی بات ہے کہ ہم کیوں بنائے گئے ہیں؟ **اللّٰہ** تعالیٰ فرماتا ہے :

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ

اور میں نے جنّ و انس کو صرف اس لئے پیدا کیا ہے کہ میری معرفت حاصل کریں اور میری عبادت کریں۔ مفسّرینِ کرام نے یَعْبُدُوْنَ کی تفسیر میں معرفت و عبادت دونوں کا ذکر کیا ہے

ایمان کے بعد سب سے اہم عبادت فرائض اور واجبات کا ادا کرنا اور نبیِ اکرم نُورِ مجسّم شفیعِ معظّم صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی سُنّتوں پر عمل پیرا ہونا ہے، اس کے علاوہ جو شخص **اللّٰہ** تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی اور باطن کی صفائی حاصل کرنا چاہتا ہے اور جس کی خواہش ہو کہ وُہ شیطان کے حملوں سے محفوظ رہے اسے چاہیے کہ **اللّٰہ** تعالیٰ کا ذکر کرے، قرآن پاک کی تلاوت کرے، کثرت سے استغفار کرے اور رحمتِ عالم نُورِ مجسّم صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بارگاہ میں ہدیۂ صلوٰۃ و سلام پیش کرے اور **اللّٰہ** تعالیٰ توفیق عطا فرمائے تو دلائل الخیرات پڑھا کرے ۔ درُود شریف کے فضائل تو آپ ، "دلائل الخیرات شریف" میں ملاحظہ کر لیں گے آئندہ سطور میں دلائل اور صاحبِ دلائل کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے ۔

اس کتاب کا پورا نام ، "دلائلُ الخیرات وشوارق الانوار فی الصّلوٰۃ علی النّبی المختار" ہے (نبی مختار صلّی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درُود شریف بھیجنے میں بھلائیوں کے دلائل اور انوار کی جگمگاتی شعاعیں) حاجی خلیفہ کشف الظنون میں لکھتے ہیں کہ :

یہ کتاب آیۃٌ مِّنْ آیاتِ اللّٰہ (اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی) ہے یہ مشرق و مغرب اور خاص طور پر رُوم کے شہروں میں باقاعدگی سے پڑھی جاتی ہے۔[1]

علامہ یُوسف بن اسمٰعیل نبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

میں نے درُود شریف کے موضوع پر کئی کتابیں لکھی ہیں، لیکن ایک بہت ہی ضروری اور اہم کام رہ گیا اور وُہ ہے "دلائل الخیرات" کی خدمت، کیونکہ یہ کتاب دُرود شریف کے موضوع پر بہت ہی مشہور اور کثیر الاشاعت ہے، اس کی ترتیب بہت عمدہ اور اس کا نفع بہت عظیم ہے۔[2]

سببِ تالیف

علامہ نبہانی نے اپنے مشائخ کے حوالے سے بیان کیا کہ امام جزولی نے یہ کتاب "فاس" میں لکھی، اس کی تالیف کا سبب یہ ہوا کہ ایک دن نماز کا وقت ہوگیا، امام جزولی وضو کرنے کے لئے کنوئیں پر تشریف لے گئے تو وہاں پانی نکالنے کے لئے کوئی چیز موجود نہ تھی، شیخ پریشان تھے کہ کیا کریں؟ اتنے میں ساتھ والے مکان کی بالائی منزل سے ایک بچّی نے دیکھا تو کہنے لگی، آپ کی نیکی اور ولایت کی شہرت ہر طرف پھیلی ہوئی ہے، اس کے باوجود آپ تھوڑا سا پانی حاصل کرنے کے لئے پریشان ہیں، اس لڑکی نے آکر کنوئیں میں اپنا لعاب ڈال دیا، حاضرین نے سر کی آنکھوں سے دیکھا کہ کنوئیں کا پانی اُبل کر باہر آگیا اور زمین پر بہنے لگا، شیخ نے وضو کیا اور اسے قسم دے کر پُوچھا کہ تمہیں یہ مقام کیسے حاصل ہوا؟ اس نے بتایا کہ اس ذاتِ اقدس پر بکثرت درود پاک بھیجنے کے سبب مُجھے یہ مقام حاصل ہوا جو جنگل میں چلتی تو وحشی جانور ان کے دامن سے لپٹ جاتے تھے۔ یہ سُن کر شیخ نے پختہ ارادہ کیا کہ میں حضور سیّدِ عالم سرورِ دوعالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی بارگاہ میں پیش کرنے کے لئے درُود وسلام کی

---

[1] محمّد مہدی الفاسی، علّامہ، مطالع المسرّات، عربی ص ۴ ۔ [2] یوسف بن اسمٰعیل نبہانی، علامہ: الدلالات الواضحات ص ۲۲ ۔

کتاب ضرور لکھوں گا، اور اس میں وُہ درُود شریف بھی لکھوں گا جو وہ بچّی پڑھا کرتی تھی، چنانچہ یہ کتاب لکھی جسے ایک دُنیا، "دلائل الخیرات" کے نام سے جانتی اور پڑھتی ہے۔

حضرت مولانا صُوفی محمّد فاروق رحمانی رحمہ اللہ تعالیٰ (کراچی) نے ١٣٧٣ھ ١٩٥٣ء میں دلائل الخیرات کا ایک نسخہ بہت عمدہ خط کے ساتھ چھپوایا تھا، اس نسخہ میں منزلِ ہفتم بروز پیر ص ٢٩٤ پر "صلوٰۃ البیر" کی نشاندہی کی گئی ہے اور وُہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَائِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ۔

اجازت نامہ دلائل الخیرات

حضرت مولانا انعام الرّحمٰن قدّوسی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مذکورہ بالا نسخے کے مقدّمہ میں تحریر کیا ہے کہ حضرت شیخ ابُوعبداللہ محمّد بن سلیمان جزولی قدّس اللہ سرّہٗ نے دلائل الخیرات کی اجازت مرحمت فرمائی احمد کو، انہوں نے محمّد کو، انہوں نے احمد کو، انہوں نے سیّد عبدالرّحمٰن کو، انہوں نے شیخ احمد نخلی کو، انہوں نے شیخ ابُوطاہر مکّی کو، انہوں نے شاہ ولی اللہ محدّث دہلوی کو، انہوں نے شاہ عبدالعزیز محدّث دہلوی رحمہم اللہ کو، انہوں نے شاہ آلِ رسُول مارہروی کو، انہوں نے شاہ ابُوالحسین احمد نُوری کو،[1] انہوں نے امام احمد رضا بریلوی کو، انہوں نے علامہ ابوالبرکات سیّد احمد قادری کو، انہوں نے راقم کو اجازت عطا فرمائی — اب راقم الحروف

([1] مقدّمہ دلائل ص ٧ ـ ٨)

محمد عبدالحکیم شرف قادری "دلائل الخیرات شریف" کی اجازت دیتا ہے ۔

آداب

بندۂ مومن کے لئے ضروری ہے کہ بقدر حاجت علمِ دین حاصل کرے، شرکِ اکبر اور اصغر (ریاکاری) سے بچے **اللہ** تعالیٰ کے فرائض و واجبات ادا کرے، قرآنِ کریم کی تلاوت کرے، نبیِ اکرم سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی تعلیمات اور سنّتوں پر عمل پیرا ہو، بندوں کے حقوق ادا کرے، پھر کثرت سے دُرود و سلام کا ہدیہ **اللہ** تعالیٰ کے حبیبِ مکرّم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ ناز میں پیش کرے اور **اللہ** تعالیٰ توفیق عطا فرمائے تو "دلائل الخیرات" باقاعدگی سے پڑھے اور دُنیا و آخرت کے بے شمار فائدے حاصل کرے ۔

دُرود پاک کے آداب میں سے یہ بھی ہے کہ مسواک کے ساتھ وضو کرے، پاک صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے، قبلہ رُخ بیٹھ کر پُوری توجّہ اور اخلاص کے ساتھ پڑھے کیونکہ حضورِ قلب کے بغیر عمل کی حیثیّت وُہ ہوتی ہے جو بے جان لاشے کی ہوتی ہے، اگر خواب میں حضور سیّد العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت ہوئی ہے تو آپ کی بے مثال صُورتِ مُبارکہ کا تصوّر کرے ورنہ یہ تصوّر کرے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم حیاتِ ظاہرہ میں تشریف فرما ہیں اور میں آپ کی بارگاہ میں بصد تعظیم و اجلال اور ہیبت و حیا، حاضر ہوں اور ہدیۂ صلوٰۃ و سلام پیش کر رہا ہُوں ۔ یہ نیّت کرے کہ میں **اللہ** تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے **اللہ** تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا حق ادا کر رہا ہُوں، **اللہ** تعالیٰ اس دُرود پاک کے صدقے مُجھے اپنے حبیبِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار عطا فرمائے اور آپ کے انوار و تجلّیات، فیوض و برکات اور جذبات و واردات کا صدقہ ہمیں بھی عطا فرمائے ۔

دلائل الخیرات پڑھنے کا طریقہ

امام جزولی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بسم اللہ شریف اور خطبہ کے بعد مقصد تالیف بیان کیا ہے، پھر ایک فصل میں دُرود پاک کے فضائل بیان کئے ہیں، اس کے بعد نبیِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے دو سو ایک اسماء مُبارکہ بیان کئے ہیں، بہتر یہ ہے کہ ہر اسمِ مُبارک سے پہلے سیّدنا کا اضافہ کیا جائے اور ہر اسمِ مُبارک کے ساتھ درود شریف پڑھا جائے، کسی بزرگ نے ان اسماءِ مُبارکہ سے پہلے **اللہ** تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ بھی شامل کر دئے ہیں، اس کے بعد کتاب کو آٹھ حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے، ہر حصّے کو حزب (منزل) کا نام دیا گیا ہے، **اللہ** تعالیٰ توفیق عطا فرمائے تو ہر روز پوری دلائل الخیرات شریف پڑھیں، ایسا نہ ہو سکے تو ہفتے میں مکمّل کی جائے ۔

پیر کے دن "فصلٌ فی کیفیّۃ الصّلوٰۃ علَی النّبی صلی اللہ علیہ وسلّم" سے شروع کی جائے، آئندہ پیر کو آٹھواں حزب پڑھ کر اسی دن پہلا حزب پڑھا جائے، دُرود شریف کے فضائل اور اسماء حسنیٰ اور اسماء مُبارکہ ہر روز پڑھے جائیں تو بہتر ورنہ کبھی کبھی پڑھ لیں تاکہ ذوق شوق میں ترقّی ہو۔

صاحبِ دلائل الخیرات رحمہ اللہ تعالیٰ

امام علّامہ قطب زمانہ اَبُو عبداللہ سیّد مُحمّد سُلیمان جزولی سملالی حسنی رحمہ اللہ تعالیٰ ۸۰۷ھ/۱۴۰۴ء[1] میں بمقام سوس اقصیٰ (مراکش) میں پیدا ہوئے ۔ آپ حسنی سادات میں سے تھے اور بربر قوم کے قبیلہ جزولہ کی شاخ سملالہ سے تعلّق رکھتے تھے ۔ کچھ عرصہ وطن میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد فاس چلے گئے اور مدرسۃ الصفّارین میں داخل ہو گئے، جہاں ان کا رہائشی حجرہ آج بھی محفوظ ہے[2]۔ کہتے ہیں کہ انہوں نے فاس ہی میں کتاب مُبارک دلائل الخیرات لکھی۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہوں نے جامع قرویین (فاس) کے کتب خانہ کی کتابوں سے استفادہ کر کے یہ کتاب ترتیب دی۔

پھر فاس سے ساحل تشریف لائے، تو یکتائے زمانہ شیخ اَبُو عبداللہ مُحمّد بن عبداللہ امغار الصغیر رحمہ اللہ تعالیٰ کے دستِ اقدس پر بیعت ہوئے اور چودہ سال تک خلوت گزینی اختیار

[1] خیرالدین زرکلی : الاعلام (طبع بیروت) ج ۶، ص ۱۵۱ [2] محمد بن شنب : دائرۃ المعارف ج ۷، ص ۲۲۷

کر کے عبادت و ریاضت اور منازل سلوک طے کرنے میں مصروف رہے۔ پھر آسفی میں خلقِ خُدا کی راہنمائی اور مُریدین کی تربیّت کا کام شروع کیا۔ بے شمار لوگوں نے آپ کے ہاتھ پر توبہ کی۔ آپ کا چرچا دُور دراز تک پہنچا۔ حیرت انگیز خوارق اور بڑی بڑی کرامات ظاہر ہوئیں۔ مریدین کی تعداد بارہ ہزار سے تجاوز کر گئی۔ آپ کے کثیر التعداد خلفاء میں سے صرف دو حضرات کے نام ملتے ہیں :

۱۔ شیخ ابُو عبداللہ محمّد الصغیر السہلی۔ ۲۔ شیخ ابُو محمّد عبدالکریم المنذری رحمہما اللہ تعالیٰ۔

حضرت شیخ جزولی مذہباً مالکی تھے، طریقۃً شاذلی تھے۔

آسفی کے حاکم نے یہ خیال کر کے کہ یہ وہی فاطمی (یعنی امام مہدی) ہیں، جن کا انتظار کیا جا رہا ہے، آپ کو زہر دے دیا۔ چنانچہ ۱۶ ربیع الاوّل ۸۷۰ھ / ۱۴۶۵ء کو آفرغال میں صبح کی نماز کی پہلی رکعت کے دُوسرے سجدے یا دُوسری رکعت کے پہلے سجدے میں آپ نے جامِ شہادت نوش کیا

آپ کے وصال کے ۷۷ سال بعد سلطان ابُو العباس احمد المعروف بہ الاعرج مراکش میں داخل ہوا، تو اس نے آپ کے جسدِ مُبارک کو لے جا کر مراکش کے قبرستان ریاض الفردوس میں دفن کیا اور اس پر گنبد تعمیر کیا، یہ مقبرہ آج بھی موجود ہے۔

جب آپ کا جسدِ خاکی نکالا گیا، تو طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی۔ ایک شخص نے آپ کے چہرے پر انگلی رکھی، تو اس کی حیرت کی انتہا نہ رہی، اس جگہ سے خُون ہٹ گیا اور جب انگلی اُٹھائی تو پھر اپنی جگہ لوٹ آیا جیسے زندوں میں ہوتا ہے۔ حضور نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی بارگاہ میں بکثرت درود و سلام پیش کرنے کی برکت سے آپ کی قبرِ انور سے خوشبو آتی ہے۔

دلائل الخیرات کی کتابت فاضل علاّمہ مولانا عبدالرزاق فریدی زیدہ مجدہ نے کروائی ہے، ان کی اجازت سے عربی کتابت کا عکس لے کر راقم الحروف کا ترجمہ شامل کیا گیا ہے۔ جناب خطّاط العصر احمد علی بُھٹّہ زید لطفہٗ نے بڑی محنت اور عقیدت و لطافت سے عربی اور اُردو ترجمہ کی کتابت کی ہے۔ راقم ان دونوں حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہے، اللہ تعالیٰ انہیں اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ اور ہم سب کو سرکارِ دو عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کی خوشنودی اور شفاعت نصیب فرمائے۔ آمین۔

محمد عبدالحکیم شرف قادری

۱۵ شوال المکرم ۱۴۲۳ھ

دلائل الخیرات شریف پڑھنے کا طریقہ

دلائل الخیرات کی پہلی منزل پیر کے دن شروع کریں اور اَعُوْذُ سے لے کر پہلی منزل کے آخر تک پڑھیں، آئندہ پیر کو آٹھویں منزل پڑھ کر پھر پہلی منزل بھی پڑھیں

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○

میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں مردود شیطان سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ ط

میں اللہ تعالیٰ اپنے رب سے ہر گناہ کی معافی مانگتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں، اور اللہ سب سے بڑا ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○

اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کی قوّت صرف اللہ کی طرف سے ہے جو عالی شان اور عظمت والا ہے،

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ط نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ○ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز، بہترین حمایتی اور خوب مددگار ہے۔ (تین مرتبہ پڑھیں)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا ہے

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا

اے حبیب! آپ فرما دیجیے کہ اے کافرو! میں ان بُتوں کی عبادت نہیں کرتا

تَعْبُدُوْنَ ۝ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ۚ
جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ تم اس خدا کی عبادت کرتے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں
وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ۙ وَلَآ اَنْتُمْ
اور میں اس کی عبادت نہیں کروں گا جس کی تم عبادت کرتے ہو۔ اور نہ تم اُس خدا کی عبادت
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ؕ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ۧ
کرو گے جس کی میں عبادت کرتا ہوں ۔ تمہارے لئے تمہارا دین اور میرے لئے میرا دین۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا۔
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ۚ لَمْ
آپ فرما دیجیے وہ اللہ ایک ہے ، اللہ بے نیاز ہے ، نہ اس کی
يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
کوئی اولاد اور نہ وہ کسی کی اولاد اور نہ کوئی اس کا
كُفُوًا اَحَدٌ ۝ۧ (ثَلَاثَ مَرَّاتٍ)
ھمسر تین مرتبہ پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا۔
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ۙ مِنْ شَرِّ مَا
آپ فرما دیجیے میں پناہ لیتا ہوں صبح کے رب کی ۔ اس کی ہر مخلوق کے
خَلَقَ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ۙ
شر سے اور اندھیرا ڈالنے (چاند) کے شر سے جب وہ غروب ہو
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ۙ وَمِنْ
اور گرہوں (گنڈوں) میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے اور حسد

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ۧ
کرنے والے کے شر سے جب وہ مجھ سے حسد کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان. بہت رحم والا ہے۔
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۝ۙ
آپ فرما دیجیے ! میں اس کی پناہ لیتا ہوں جو تمام انسانوں کا رب ہے، سب لوگوں کا بادشاہ
اِلٰهِ النَّاسِ ۝ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝
سب لوگوں کا خدا ہے اس کے شر سے جو دل میں بُرے خیال ڈالے اور دبک رہے
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ
وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے جنّات میں سے
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ۧ
ہو یا انسانوں سے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان بہت رحم والا ہے ۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ۙ الرَّحْمٰنِ
سب تعریفیں اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے ، نہایت مہربان
الرَّحِيْمِ ۝ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ؕ اِيَّاكَ
بہت رحم والا جزا کے دن کا مالک ، ہم تیری ہی عبادت
نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ؕ اِهْدِنَا
کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں ۔ ہمیں ہمیشہ
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
سیدھی راہ چلا ان کی لوگوں کی راہ

أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ

جن پر تو نے انعام فرمایا ، ان کی جن پر

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۚ۝ آمِين ۝

غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کی ۔ قبول فرما۔

نَحْمَدُهُ وَنُصَلِّي عَلَى رَسُولِهِ الْكَرِيمِ

فاتحة الاوراد

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اللہ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے ۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُقَدِّمُ إِلَيْكَ بَيْنَ يَدَيْ

اے اللہ میں تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں

كُلِّ نَفَسٍ وَّلَمْحَةٍ وَّطَرْفَةٍ يَّطْرِفُ بِهَا

ہر سانس ، ہر لمحہ اور ہر پلک جھپکنے میں

أَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَأَهْلُ الْأَرْضِ وَكُلُّ

کہ اسے آسمانوں والے اور زمین والے جھپکتے ہیں اور ہر

شَيْءٍ هُوَ فِي عِلْمِكَ كَائِنٌ أَوْ قَدْ كَانَ

وہ چیز جو تیرے علم میں ہونے والی ہے یا ہو چکی ہے

أُقَدِّمُ إِلَيْكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهِ

میں تیری بارگاہ میں پیش کرتا ہوں ان سب سے پہلے

التَّهْلِيل

کلمہ طیبہ

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ فِي

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نبی ہیں

كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهُ عِلْمُ اللهِ

ہر لمحہ اور ہر سانس میں بشمار اس کے جو علم الٰہی میں ہے

الصَّلٰوةُ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الْعَظِيْمَةُ

اللہ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِ اللهِ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظیم ذات

الْعَظِيْمِ الَّذِيْ مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِ اللهِ الْعَظِيْمِ

کے نور کے وسیلے سے جس نے تیری عظیم ذات کے عرش کے گوشوں کو

وَقَامَتْ بِهِ عَوَالِمُ اللهِ الْعَظِيْمِ أَنْ تُصَلِّيَ

بھر دیا اور جس کی برکت سے تیری عظیم ذات کے جہان قائم ہوئے

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ذِي الْقَدْرِ

سوال یہ ہے کہ تو رحمت کاملہ نازل فرما ہمارے آقا و مولا بلند مرتبہ

الْعَظِيْمِ وَعَلٰى اٰلِ نَبِيِّ اللهِ الْعَظِيْمِ بِقَدْرِ

محمد مصطفیٰ پر اور عظیم ذات اللہ کے نبی کی

عَظَمَةِ ذَاتِ اللهِ الْعَظِيْمِ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ

آل پر اللہ بزرگ و برتر کی ذات کی عظمت

وَّنَفَسٍ عَدَدَ مَا فِي عِلْمِ اللهِ الْعَظِيْمِ

کے مطابق ، ہر لمحے اور سانس میں بشمار اس کے

صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِ اللهِ الْعَظِيْمِ

جو اللہ عظیم کے علم میں ہے ، ایسی رحمت جو اللہ عظیم

تَعْظِيْمًا لِحَقِّكَ يَا سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدُ

کی ہمیشگی کے ساتھ ہمیشہ رہے یہ آپ کے حق کی تعظیم کے لیے ہے

يَا ذَا الْخُلُقِ الْعَظِيْمِ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلٰى

اے ہمارے آقا و مولا محمد مصطفٰے کریم ۔ اے عظیم

اٰلِهٖ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاجْمَعْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ

خلق والے اور سلامتی نازل فرما آپ پر اور آپ کی

كَمَا جَمَعْتَ بَيْنَ الرُّوْحِ وَالنَّفْسِ ظَاهِرًا

آل پر بےشمار معلوماتِ الٰہیہ کے ، مجھے اور آپ کو جمع فرما

وَّبَاطِنًا يَقْظَةً وَّمَنَامًا وَّاجْعَلْهُ يَا رَبِّ

جس طرح تُو نے رُوح اور نفس کو جمع فرمایا ، ظاہر میں

رُوْحًا لِّذَاتِيْ مِنْ جَمِيْعِ الْوُجُوْهِ فِي الدُّنْيَا

اور پوشیدہ ، بیداری اور نیند میں اور اے رب ! آپ کو میری ذات

قَبْلَ الْاٰخِرَةِ يَا عَظِيْمُ

کے لئے روح بنادے ہر اعتبار سے دُنیا میں آخرت سے پہلے اے عظیم!

استغفار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ کبیر

استغفارِ اللہ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے کبیر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

میں اللہ عظیم سے بخشش مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں،

هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ

وہی زندہ ہے کائنات کو قائم رکھنے والا ، گناہوں کا بخشنے والا،

ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنْ

عظمت اور احسان والا اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں

جَمِيْعِ الْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ

تمام گناہوں ، خطاؤں اور غلط کاریوں سے

وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمْدًا اَوْ خَطَاً

اور ہر اس گناہ سے جو میں نے قصداً کیا یا غلطی سے،

ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا قَوْلًا وَّفِعْلًا فِيْ جَمِيْعِ

اعلانیہ کیا یا پوشیدہ ، زبان سے یا اعضا سے ، اپنی تمام

حَرَكَاتِيْ وَسَكَنَاتِيْ وَخَطَرَاتِيْ وَاَنْفَاسِيْ

حرکتوں ، سکونوں ، وسوسوں اور سانسوں

كُلِّهَا دَائِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا مِّنَ الذَّنْبِ

میں تمام میں ہمیشہ ہمیشہ ، اس گناہ سے

الَّذِيْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِيْ لَا اَعْلَمُ

جسے میں جانتا ہوں اور اس گناہ سے جسے میں نہیں جانتا

عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهِ الْعِلْمُ وَاَحْصَاهُ الْكِتَابُ

بےشمار اس کے جس کا علم نے احاطہ کیا ، کتاب نے اسے جمع کیا

وَخَطَّهُ الْقَلَمُ وَعَدَدَ مَا اَوْجَدَتْهُ

اور قلم نے اسے لکھا اور اس کی تعداد میں جسے قدرت

الْقُدْرَةُ وَخَصَّصَتْهُ الْاِرَادَةُ وَمِدَادَ

نے پیدا کیا اور ارادے نے خاص کیا اور

كَلِمَاتِ اللّٰهِ كَمَا يَنْبَغِيْ لِجَلَالِ

اللہ کے کلمات کی مقدار کے برابر ، جیسے کہ ہمارے ربِّ کریم

وَجْهِ رَبِّنَا وَجَمَالِهٖ وَكَمَالِهٖ وَكَمَا

کی ذات کی بزرگی اور جمال و کمال کے لائق ہے

يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى ○

اور جیسے کہ ہمارا رب محبوب اور پسندیدہ رکھتا ہے۔

اَسْمَآءُ اللّٰہِ الْحُسْنٰی

اللہ تعالیٰ کے حسین و جمیل نام

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان نہایت رحم والا

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ جَلَّ جَلَالُہٗ

وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔

الرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ الرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بہت ہی رحم فرمانے والا، بزرگ اور برتر، بہت مہربان، بزرگ اور برتر

الْمَلِکُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بادشاہ اس کی عظمت بہت بڑی ہے بہت پاک

السَّلٰمُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ

سلامت رکھنے والا امن دینے والا

الْمُھَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نگہبان سب پر غالب

الْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْمُتَکَبِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

نقصان کا پورا کرنے والا بزرگی والا

الْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہر چیز کا پیدا کرنے والا مخلوق کا پیدا کرنے والا

الْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ

صورت کا عطا فرمانے والا بہت بخشنے والا

الْقَھَّارُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْوَھَّابُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ہر چیز پر غالب بہت دینے والا

الرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا رزق عطا فرمانے والا رحمت کے دروازے بہت کھولنے والا

الْعَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا علم والا بند کرنے والا

الْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُہٗ

کھولنے والا پست کرنے والا

الرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

بلند کرنے والا عزت دینے والا

الْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُہٗ السَّمِیْعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

ذلت دینے والا بہت سننے والا

الْبَصِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْحَکَمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بہت دیکھنے والا بڑا فیصلہ کرنے والا

الْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُہٗ اللَّطِیْفُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بہت انصاف دینے والا بڑا مہربان

الْخَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْحَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بڑا خبردار بڑا حلم والا

الْعَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ

عظمت والا بڑا بخشنے والا

الشَّکُوْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْعَلِیُّ جَلَّ جَلَالُہٗ

شکرگزاروں کو اجر دینے والا بلند اور برتر

الْکَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُہٗ الْحَفِیْظُ جَلَّ جَلَالُہٗ

بزرگ اور برتر بہت حفاظت فرمانے والا

الْمُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُهُ قوت دینے والا	الْحَسِيْبُ جَلَّ جَلَالُهُ کافی
الْجَلِيْلُ جَلَّ جَلَالُهُ عظیم و جلیل	الْكَرِيْمُ جَلَّ جَلَالُهُ بہت کرم کرنے والا
الرَّقِيْبُ جَلَّ جَلَالُهُ نگہبان	الْمُجِيْبُ جَلَّ جَلَالُهُ قبول کرنے والا
الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهُ فراخی والا	الْحَكِيْمُ جَلَّ جَلَالُهُ حکمت والا
الْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهُ دوست رکھنے والا	الْمَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ بزرگی والا
الْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهُ رسولوں کا بھیجنے والا	الشَّهِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ گواہ
الْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهُ موجود برحق	الْوَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُهُ کارساز
الْقَوِيُّ جَلَّ جَلَالُهُ بہت طاقت والا	الْمَتِيْنُ جَلَّ جَلَالُهُ مضبوط
الْوَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهُ دوست	الْحَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ حمد و ستائش والا
الْمُحْصِيْ جَلَّ جَلَالُهُ احاطہ کرنے والا	الْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهُ ابتدأ پیدا کرنے والا
الْمُعِيْدُ جَلَّ جَلَالُهُ دوبارہ پیدا کرنے والا	الْمُحْيِيْ جَلَّ جَلَالُهُ زندہ کرنے والا

الْمُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُهُ موت دینے والا	الْحَيُّ جَلَّ جَلَالُهُ زندہ و پائندہ
الْقَيُّوْمُ جَلَّ جَلَالُهُ تمام جہان کو قائم رکھنے والا	الْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهُ پانے والا
الْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهُ عزت و مجد والا	الْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهُ تنہا جس کا کوئی شریک نہیں
الْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُهُ یگانہ	الصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُهُ بے نیاز
الْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُهُ قدرت والا	الْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهُ قدرت والا
الْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهُ آگے کرنے والا	الْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهُ پیچھے کرنے والا
الْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهُ سب سے پہلا	الْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهُ سب سے آخر
الظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُهُ ظاہر و آشکار	الْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهُ پوشیدہ
الْوَالِيْ جَلَّ جَلَالُهُ دوست	الْمُتَعَالِيْ جَلَّ جَلَالُهُ برتر و بالا
الْبَرُّ جَلَّ جَلَالُهُ نیکوکار	التَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُهُ بہت توبہ قبول کرنے والا
الْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهُ بدلہ لینے والا	الْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهُ بہت معاف کرنے والا

الرَّءُوْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ
بہت مہربان — ہر ملک کا مالک

ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ
بزرگی اور انعام والا — بزرگ اور برتر

الْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
انصاف کرنے والا — جمع کرنے والا

الْغَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمُغْنِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ
بے نیاز — بے نیاز کرنے والا

الْمُعْطِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ الْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
عطا کرنے والا — روکنے والا

الضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ النَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
نقصان دینے والا — نفع دینے والا

النُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْهَادِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ
نُور — ہدایت دینے والا

الْبَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ الْبَاقِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ
نیا پیدا کرنے والا — ہمیشہ رہنے والا

الْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ الرَّشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ
مالک — درست تدبیر والا

الصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ السَّتَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ
بڑا تحمل کرنے والا — پردہ داری کرنے والا

دُعَآءُ الْاِفْتِتَاحِ

دُعائے آغاز

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
اللہ تعالیٰ بہت ہی مہربان نہایت رحم والے کے نام سے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
اللہ تعالیٰ ہمارے آقا محمد مصطفیٰ اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر رحمت

وَسَلَّمَ ○ اِلٰهِيْ بِجَاهِ نَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور سلامتی نازل فرمائے۔ اے اللہ! تیرے نبی ہمارے آقا و مولا محمد مصطفیٰ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَكَ وَمَكَانَتِهٖ
صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم کے تیری بارگاہ میں مرتبے اور تیرے دربار میں

لَدَيْكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ ○ وَبِالسِّرِّ
مقام کے طفیل، تیری ان سے محبت اور ان کی تجھ سے محبت کے صدقے اور اس راز

الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ وَ
کے وسیلے سے جو تیرے اور ان کے درمیان ہے میری تجھ سے درخواست ہے

تُسَلِّمَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَضَاعِفِ
کہ تُو آپ پر اور آپ کی آل پاک اور آپ کے صحابۂ کرام پر رحمت وسلامتی نازل فرما

اللّٰهُمَّ مَحَبَّتِيْ فِيْهِ وَعَرِّفْنِيْ بِحَقِّهٖ وَرُتَبِهٖ
اور اے اللہ! حضور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم سے میری محبت میں اضافہ فرما، مجھے آپکے حق اور مراتب کی معرفت

وَوَفِّقْنِيْ لِاتِّبَاعِهٖ وَالْقِيَامِ بِاَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ
عطا فرما مجھے آپ کی پیروی اور آپ کے ادب اور سُنّت پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرما۔

وَاجْمَعْنِيْ عَلَيْهِ وَمَتِّعْنِيْ بِرُؤْيَتِهٖ وَ
مجھے آپ کی بارگاہ میں حاضری اور آپ کے دیدار کا شرف عطا فرما اور
اَسْعِدْنِيْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّي الْعَوَائِقَ
مجھے آپ سے ہم کلام ہونے کی سعادت فرما اور مجھ سے رکاوٹوں
وَالْعَلَائِقَ وَالْوَسَائِطَ وَالْحِجَابَ ۝ وَشَنِّفْ
تعلقات، واسطوں اور پردوں کو دور فرما۔ اور میرے کانوں کو
سَمْعِيْ مَعَهٗ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ ۝ وَهَيِّئْنِيْ
آپ کے ساتھ کیا جانے والا دل کش خطاب سنا۔ اور مجھے ان سے
لِلتَّلَقِّيْ مِنْهُ وَاَهِّلْنِيْ لِخِدْمَتِهٖ وَاجْعَلْ
استفادے کے لائق بنادے، مجھے آپ کی خدمت کے قابل بنادے اور میں جو
صَلٰوتِيْ عَلَيْهِ نُوْرًا نَيِّرًا كَامِلًا مُكَمَّلًا طَاهِرًا
آپ کی خدمت میں درود شریف پیش کروں اسے چمکنے والا، کامل ومکمّل اور
مُطَهَّرًا مَاحِيًا كُلَّ ظُلْمٍ وَّظُلْمَةٍ وَّشَكٍّ
طاہر ومطہّر نور بنادے جو ہر ظلم، ہر اندھیرے، شک،
وَّشِرْكٍ وَّكُفْرٍ وَّزُوْرٍ وَّوِزْرٍ وَّاجْعَلْهَا سَبَبًا
شرک، کفر، جھوٹ اور گناہ کو مٹادے اور اسے خالص کرنے کا
لِّلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقًى لِّاَنَالَ بِهَا اَعْلٰى مَقَامِ
سبب بنادے اور زینہ بنادے تاکہ میں اس کے ذریعے اخلاص
الْاِخْلَاصِ وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى
اور خصوصیت کا اعلیٰ مقام حاصل کرلوں، یہاں تک کہ مجھ میں
فِيَّ رَبَّانِيَّةٌ لِّغَيْرِكَ وَحَتّٰى اَصْلُحَ لِحَضْرَتِكَ
تیرے غیر کی عبادت باقی نہ رہے اور یہاں تک کہ میں تیری بارگاہ کے لائق ہو جاؤں

وَاَكُوْنَ مِنْ اَهْلِ خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا
اور تیرے خاص بندوں میں شامل ہو جاؤں اور تیرے حبیب کے ادب
بِاٰدَابِهٖ وَسُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَ
اور سنّت کو مضبوطی سے تھام لوں، اللہ تعالیٰ آپ پر، آپ کی آل پاک
اَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ اَجْمَعِيْنَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ
اور آپ کے تمام صحابہ اور اہل بیت پر ہر وقت اور
وَّحِيْنٍ ۝ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ ۝ (ثلثا)
ہر زمانے میں رحمتیں نازل فرمائے۔ اے اللہ! اے نور! اے حق! اے مبین! (تین مرتبہ پڑھیں)

مُقَدِّمَةٌ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِنَا
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے اور صلوٰۃ وسلام ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۝ قَالَ الشَّيْخُ الْاِمَامُ
محمد مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم اور آپ کی آل اور آپ کے صحابہ پر اور سلامتی نازل ہو، فرمایا شیخ امام
الْوَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْقُطْبُ الشَّهِيْرُ سُلْطَانُ
عظیم ولی، مشہور قطب، مقربین کے
الْمُقَرَّبِيْنَ وَقُطْبُ دَآئِرَةِ الْمُحَقِّقِيْنَ وَ
بادشاہ، محققین کے دائرہ کے قطب
سَيِّدُ الْعَارِفِيْنَ صَاحِبُ الْكَرَامَاتِ الظَّاهِرَةِ
عارفین کے سردار، ظاہر کرامات
وَالْاَسْرَارِ الْبَاهِرَةِ سَيِّدِيْ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ
اور روشن اسرار والے، سیّدی ابو عبد اللہ محمد

ابن سلیمان الجزولی رضی اللہ عنہ ○
بن سلیمان جزولی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

الحمد للہ الذی ھدانا للایمان والاسلام ○
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں ایمان اور اسلام کی ہدایت فرمائی

والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد
اور صلوٰۃ و سلام ہو اللہ تعالیٰ کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

نبیہ الذی استنقذنا بہ من عبادۃ
جن کے سبب سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں بت پرستی اور اصنام کی عبادت سے

الاوثان والاصنام ○ وعلی الہ واصحابہ
بچایا، اور آپ کے نجیب، متقی اور

النجباء البررۃ الکرام ○ وبعد ھذا فالغرض
کریم اہل بیت اور صحابہ کرام پر حمد وصلوٰۃ کے بعد اس کتاب میں

فی ھذا الکتب ذکر الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ
مقصود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ اور اس

علیہ وسلم وفضائلھا نذکرھا محذوفۃ
کے فضائل کا ذکر ہے ہم یہ فضائل سندوں کو حذف

الاسانید لیسھل حفظھا علی القاری
کرکے ذکر کریں گے تاکہ پڑھنے والے کو یاد کرنے میں آسانی ہو

وھی من اھم المھمات لمن یرید
اور درود شریف اللہ تعالیٰ کا قرب چاہنے والے کے لیے

القرب من رب الارباب ○ وسمیتہ
اہم مقاصد میں سے ہے۔ اور میں نے اس

بکتاب دلائل الخیرات وشوارق الانوار
کا نام دلائل الخیرات شوارق الانوار فی

فی ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار ○ ابتغاء
ذکر الصلوٰۃ علی النبی المختار رکھا۔ اللہ تعالیٰ کی

لمرضاۃ اللہ تعالیٰ ومحبۃ فی رسولہ الکریم
رضا طلب کرنے اور اس کے رسول کریم حضرت

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم تسلیما ○
محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے لیے

واللہ المسئول ان یجعلنا لسنتہ من
اللہ تعالیٰ ہی سے دعا ہے کہ ہمیں آپ کی سنت کی پیروی

التابعین ○ ولذاتہ الکاملۃ من المحبین ○
کرنے والا اور آپ کی ذات کاملہ کا محب بنائے۔

فانہ علی ذلک قدیر ○ لا الہ غیرہ ولا خیر
کیونکہ وہ اس پر قادر ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

الا خیرہ وھو نعم المولی ونعم النصیر ○
بھلائی وہی ہے جو اس کی طرف سے ہو، وہ بہترین ناصر و مددگار ہے۔

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ○
گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ بزرگ و برتر کی تائید ہی سے ہے۔

فصل فی فضل الصلوٰۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم
یہ فصل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پاک بھیجنے کی فضیلت میں ہے

قال اللہ عزوجل - ان اللہ وملئکتہ
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اللہ اور اس کے فرشتے

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
نبی صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم ان پر درود
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ وَيُرْوٰى اَنَّ رَسُوْلَ
بھیجو اور خوب خوب سلام بھیجو اور مروی ہے کہ ایک دن
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ
رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم تشریف لائے، مسرّت کے آثار آپ
وَّالْبُشْرٰى تُرٰى فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنَّهٗ جَاءَنِيْ
کے چہرۂ انور میں دکھائی دے رہے تھے تو آپ نے فرمایا: میرے پاس
جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لِيْٓ اَمَا تَرْضٰى
جبرائیل علیہ السّلام تشریف لائے اور کہا یا رسول اللہ!
يَا مُحَمَّدُ اَنْ لَّا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ
کیا آپ اس سے راضی نہیں؟ کہ آپ کا جو اُمتی آپ پر ایک بار دُرود بھیجے گا
اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَّلَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ
میں اس پر دس دفعہ دُرود بھیجوں گا اور آپ کا جو اُمتی آپ پر ایک بار
اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا ۝
سلام بھیجے گا، میں اس پر دس دفعہ سلام بھیجوں گا۔
وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَى
اور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا تمام لوگوں میں سب سے
النَّاسِ بِيْ اَكْثَرُهُمْ عَلَيَّ صَلٰوةً ۝ وَقَالَ
زیادہ میرے قریب وُہ ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا۔ یہ بھی فرمایا:
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلَّتْ
جو شخص مجھ پر درود بھیجے گا جب تک وہ درود پڑھتا رہے گا

عَلَيْهِ الْمَلٰٓئِكَةُ مَا دَامَ يُصَلِّيْ عَلَيَّ فَلْيُقَلِّلْ
فرشتے اس پر دُرود بھیجتے رہیں گے، اب چاہے وُہ دُرود شریف کم بھیجے یا
عِنْدَ ذٰلِكَ اَوْ لِيُكْثِرْ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
زیادہ، یہ بھی فرمایا آدمی کے یہ بھی فرمایا: آدمی کے بخیل ہونے کے لیے
وَسَلَّمَ بِحَسْبِ الْمَرْءِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ اُذْكَرَ
یہ کافی ہے کہ اس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وُہ مجھ
عِنْدَهٗ وَلَا يُصَلِّيْ عَلَيَّ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
پر دُرود نہ بھیجے حضورِ انور صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم
وَسَلَّمَ اَكْثِرُوا الصَّلٰوةَ عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۝
نے فرمایا کہ جُمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے دُرود بھیجا کرو۔
وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ
سرکارِ دو عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم نے یہ بھی فرمایا میرے جس اُمتی نے مجھ پر
مِنْ اُمَّتِيْ مَرَّةً وَّاحِدَةً كُتِبَتْ لَهٗ عَشْرُ
ایک بار دُرود بھیجا اس کی دس نیکیاں لکھی گئیں اور
حَسَنَاتٍ وَّمُحِيَتْ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ ۝
دس گناہ مٹائے گئے
وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ حِيْنَ
اور سیّدِ عالم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم نے یہ بھی فرمایا جو شخص اذان واقامت
يَسْمَعُ الْاَذَانَ وَالْاِقَامَةَ ۝ اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ
سُن کر کہے، اے اللہ! اس جامع وکامل دعا
الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ
اور قائم ہونے والی نماز کے رب! حضرت

مُحَمَّدَ ۣالْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَ الدَّرَجَةَ
محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کو وسیلہ اور فضیلت بلند درجہ عطا
الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ ۣالَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ
فرما اور آپ کو مقام محمود پر فائز فرما جس کا تو نے آپ
حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ
سے وعدہ کیا ہے، قیامت کے دن اس کیلئے میری شفاعت ثابت ہوگی۔ یہ بھی فرمایا
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ فِيْ كِتَابٍ لَّمْ تَزَلِ
کہ جس نے کسی کتاب میں مجھ پر درود بھیجا، فرشتے اس پر درود
الْمَلٰٓئِكَةُ تُصَلِّيْ عَلَيْهِ مَادَامَ اسْمِيْ فِيْ ذٰلِكَ
بھیجتے رہیں گے جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے
الْكِتَابِ ۝ وَقَالَ اَبُوْ سُلَيْمَانَ الدَّارَانِيُّ مَنْ
گا حضرت ابو سلیمان دارانی نے فرمایا جو شخص
اَرَادَ اَنْ يَّسْئَلَ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ فَلْيُكْثِرْ
اللہ تعالیٰ سے حاجت مانگنا چاہے، اسے چاہیے کہ
بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر بکثرت درود شریف بھیجے
ثُمَّ يَسْئَلُ اللّٰهَ حَاجَتَهٗ وَلْيَخْتِمْ بِالصَّلٰوةِ
پھر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے، آخر میں بھی
عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ اللّٰهَ
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود شریف بھیجے کیوں کہ
يَقْبَلُ الصَّلٰوتَيْنِ وَهُوَ اَكْرَمُ مِنْ اَنْ يَّدَعَ مَا
اللہ تعالیٰ اوّل و آخر درود شریف قبول فرمائے گا اور اس کے کرم سے بعید ہے

بَيْنَهُمَا ۝ وَرُوِيَ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
کہ ان کے درمیان والی دعا قبول نہ فرمائے۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے
اَنَّهٗ قَالَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ
مروی ہے کہ جس شخص نے جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ درود
مَرَّةٍ غُفِرَتْ لَهٗ خَطِيْئَةُ ثَمَانِيْنَ سَنَةً ۝
بھیجا اس کے اسّی سال کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ
اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْمُصَلِّيْ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا مجھ پر درود بھیجنے
عَلَيَّ نُوْرٌ عَلَى الصِّرَاطِ وَ مَنْ كَانَ عَلَى
والے کے لیے پل صراط پر ایک نور ہوگا اور جو
الصِّرَاطِ مِنْ اَهْلِ النُّوْرِ لَمْ يَكُنْ مِّنْ اَهْلِ
پل صراط پر نور والا ہوگا وہ جہنمی نہیں ہوگا
النَّارِ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَّسِيَ
اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا جو مجھ پر
الصَّلٰوةَ عَلَيَّ فَقَدْ اَخْطَاَ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ وَ
درود بھیجنا بھول گیا، بے شک وہ جنّت کے راستے سے
اِنَّمَآ اَرَادَ بِالنِّسْيَانِ التَّرْكَ وَ اِذَا كَانَ
ہٹ گیا، بھولنے سے مراد چھوڑنا ہے، اور جب چھوڑنے
التَّارِكُ يُخْطِئُ طَرِيْقَ الْجَنَّةِ كَانَ
والا راہِ جنت سے ہٹ گیا ہے تو آپ پر

الْمُصَلِّیْ عَلَیْهِ سَالِکًا اِلَی الْجَنَّةِ ○ وَ فِیْ
درُود بھیجنے والا جنّت کی راہ پر چلنے والا ہے ۔ حضرت

رِوَایَةِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا

جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ
میرے پاس جبرائیل امین علیہ السّلام آئے ، انہوں نے کہا

لَا یُصَلِّیْ عَلَیْكَ اَحَدٌ مِّنْ اُمَّتِكَ اِلَّا صَلّٰی
یا رسول اللہ ! آپ کا جو اُمّتی آپ پر درُود بھیجے گا اس پر

عَلَیْهِ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ وَّ مَنْ صَلَّتْ
ستّر ہزار فرشتے درُود بھیجیں گے اور جس پر فرشتے درُود

عَلَیْهِ الْمَلٰٓئِکَةُ کَانَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ ○
بھیجیں وُہ جنّتی ہو گا ۔ اور

وَقَالَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْثَرُکُمْ عَلَیَّ
رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا تم میں سے جو

صَلٰوةً اَکْثَرُکُمْ اَزْوَاجًا فِی الْجَنَّةِ ○ وَ رُوِیَ
مجھ پر زیادہ درُود بھیجے گا جنّت میں اس کی زیادہ بیویاں ہوں گی ۔ اور

عَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ
نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا :

صَلّٰی عَلَیَّ صَلٰوةً تَعْظِیْمًا لِّحَقِّیْ خَلَقَ
جس نے میرے حق کی تعظیم کے لیے مجھ پر درُود بھیجا

اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ ذٰلِكَ الْقَوْلِ مَلَکًا لَّهٗ
اللہ تعالیٰ اس قول سے ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے ، جس کا

جَنَاحٌ بِالْمَشْرِقِ وَالْاٰخَرُ بِالْمَغْرِبِ وَرِجْلَاهُ
ایک پر مشرق میں ہے اور دُوسرا مغرب میں اور اس کے

مَقْرُوْرَتَانِ فِی الْاَرْضِ السَّابِعَةِ السُّفْلٰی
پاؤں سب سے نچلی ساتویں زمین میں ٹھہرے ہوتے ہیں ، اور اس

وَعُنُقُهٗ مُلْتَوِیَةٌ تَحْتَ الْعَرْشِ یَقُوْلُ
کی گردن عرش کے نیچے لپٹی ہوتی ہے ۔

اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ لَهٗ صَلِّ عَلٰی عَبْدِیْ کَمَا صَلّٰی
اللہ تعالیٰ اسے فرماتا ہے میرے بندے پر درُود بھیج جس طرح

عَلٰی نَبِیِّیْ فَهُوَ یُصَلِّیْ عَلَیْهِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ○
اس نے میرے نبی پر درُود بھیجا ہے پس وہ اس بندے پر قیامت

وَرُوِیَ عَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ
تک درُود بھیجتا رہے گا ۔ اور نبی مکرّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے

قَالَ لَیَرِدَنَّ عَلَیَّ الْحَوْضَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اَقْوَامٌ
کہ آپ نے فرمایا میرے پاس حوضِ کوثر پر کئی ایسی جماعتیں آئیں گی جن کی

مَّا اَعْرِفُهُمْ اِلَّا بِکَثْرَةِ الصَّلٰوةِ عَلَیَّ ○ وَ رُوِیَ
پہچان مجھے صرف اس لئے ہوگی کہ وہ مجھ پر بکثرت درُود بھیجتے تھے ۔ اور

عَنْهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ
نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا :

صَلّٰی عَلَیَّ مَرَّةً وَّاحِدَةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ عَشْرَ
جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درُود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ

مَرَّاتٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ عَشْرَ مَرَّاتٍ صَلَّى اللّٰهُ

درود بھیجے گا، اور جس نے مجھ پر دس مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس

عَلَيْهِ مِائَةَ مَرَّةٍ وَّمَنْ صَلّٰى عَلَيَّ مِائَةَ

پر سو مرتبہ درود بھیجے گا اور جس نے مجھ پر سو مرتبہ

مَرَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّمَنْ

درود بھیجا اللہ تعالیٰ اس پر ہزار مرتبہ درود بھیجے گا اور جس

صَلّٰى عَلَيَّ اَلْفَ مَرَّةٍ حَرَّمَ اللّٰهُ جَسَدَهٗ

نے مجھ پر ہزار مرتبہ درود بھیجا، اللہ تعالیٰ اس کا

عَلَى النَّارِ وَثَبَّتَهٗ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِى

جسم آگ پر حرام فرما دے گا اور اس کو دنیا اور

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ عِنْدَ الْمَسْاَلَةِ

آخرت میں سوال کے وقت قول ثابت کے ساتھ ثابت رکھے گا اور

وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَجَاءَتْ صَلٰوتُهٗ عَلَيَّ

اسے جنت میں داخل فرمائے گا اور قیامت کے دن مجھ پر

نُوْرًا لَّهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلَى الصِّرَاطِ مَسِيْرَةَ

بھیجا ہوا اس کا درود اس حال میں آئے گا کہ اس کا نور

خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّاَعْطَاهُ اللّٰهُ بِكُلِّ صَلٰوةٍ

پل صراط پر پانچ سو سال کی مسافت تک ہو گا اور اللہ تعالیٰ اسے

صَلَّاهَا عَلَيَّ قَصْرًا فِى الْجَنَّةِ قَلَّ ذٰلِكَ اَوْ

ہر درود کے بدلے جو اس نے مجھ پر بھیجا ہوگا جنت میں ایک محل عطا کرے گا، یہ درود

كَثُرَ ○ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کم ہو یا زیادہ۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

مَا مِنْ عَبْدٍ صَلّٰى عَلَيَّ اِلَّا خَرَجَتِ الصَّلٰوةُ

جو بندہ مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کا درود تیزی سے اس کے منہ

مُسْرِعَةً مِّنْ فِيْهِ فَلَا يَبْقٰى بَرٌّ وَّلَا بَحْرٌ وَّلَا

سے نکلتا ہے، پھر کوئی جنگل اور دریا مشرق اور مغرب باقی

شَرْقٌ وَّلَا غَرْبٌ اِلَّا وَتَمُرُّ بِهٖ وَتَقُوْلُ اَنَا

نہیں رہتا، مگر وہ درود وہاں گزرتا ہے اور کہتا ہے میں فلاں

صَلٰوةُ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ

ابن فلاں کا درود ہوں جسے اس نے اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق

الْمُخْتَارِ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ فَلَا يَبْقٰى شَيْءٌ اِلَّا

سے افضل حضرت محمد مصطفےٰ پر بھیجا ہے، پس ہر چیز آپ پر

وَصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُخْلَقُ مِنْ تِلْكَ الصَّلٰوةِ

درود بھیجتی ہے، اور اس درود سے ایک پرندہ پیدا

طَآئِرٌ لَّهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ جَنَاحٍ فِىْ كُلِّ

کیا جاتا ہے جس کے ستر ہزار بازو ہیں، ہر بازو میں

جَنَاحٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ رِيْشَةٍ فِىْ كُلِّ رِيْشَةٍ

ستر ہزار پر ہیں ہر پر میں ستر ہزار

سَبْعُوْنَ اَلْفَ رَاْسٍ فِىْ كُلِّ رَاْسٍ سَبْعُوْنَ

سر ہیں ہر سر میں ستر ہزار

اَلْفَ وَجْهٍ فِىْ كُلِّ وَجْهٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ فَمٍ

منہ ہیں ہر منہ میں ستر ہزار

فِىْ كُلِّ فَمٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ لِسَانٍ فِىْ كُلِّ

زبانیں ہوتی ہیں ہر زبان میں

لِسَانٍ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ

اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتی ہے ستّر ہزار زبانوں

لُغَاتٍ وَّيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ ثَوَابَ ذٰلِكَ كُلِّهٖ ○

میں ، اور اللہ تعالیٰ اس سب کا ثواب اس شخص کے لئے لکھ دیتا ہے۔

وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا،

مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِائَةَ مَرَّةٍ

جس نے جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ

جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَعَهٗ نُوْرٌ لَّوْ قُسِّمَ

درود بھیجا ، وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس

ذٰلِكَ النُّوْرُ بَيْنَ الْخَلْقِ كُلِّهِمْ لَوَسِعَهُمْ ○

کے ساتھ ایسا نور ہوگا کہ اگر وہ نور تمام مخلوق میں تقسیم

ذُكِرَ فِيْ بَعْضِ الْاَخْبَارِ مَكْتُوْبٌ عَلٰى سَاقِ

کردیا جائے تو ان کے لئے کافی ہو ، بعض روایات میں ہے کہ

الْعَرْشِ مَنِ اشْتَاقَ اِلَيَّ رَحِمْتُهٗ وَمَنْ

عرشِ عظیم کے پائے پر لکھا ہے جو میرا مشتاق ہو میں اس

سَاَلَنِيْ اَعْطَيْتُهٗ وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَيَّ بِالصَّلٰوةِ

پر رحم کروں گا اور جو مجھ سے مانگے گا میں اسے عطا کروں گا اور

عَلٰى حَبِيْبِيْ مُحَمَّدٍ غَفَرْتُ لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَلَوْ

جو میرے حبیب محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود بھیج کر میرا قرب

كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ ○ وَرُوِيَ عَنْ بَعْضِ

چاہے گا میں اس کے گناہ بخش دوں گا اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

الصَّحَابَةِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے :

اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ مَّجْلِسٍ يُّصَلّٰى فِيْهِ عَلٰى

جس مجلس میں نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا قَامَتْ

بھیجا جاتا ہے اس سے پاکیزہ

مِنْهُ رَآئِحَةٌ طَيِّبَةٌ حَتّٰى تَبْلُغَ عَنَانَ السَّمَآءِ

خوشبو اٹھتی ہے یہاں تک کہ آسمان کی بلندی تک پہنچتی

فَتَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا مَجْلِسٌ صُلِّيَ فِيْهِ

ہے تو فرشتے کہتے ہیں یہ وہ مجلس ہے جس میں

عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ○ ذُكِرَ فِيْ

نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود بھیجا گیا ہے

بَعْضِ الْاَخْبَارِ اَنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ اَوِ الْاَمَةَ

بعض روایات میں ذکر کیا گیا ہے کہ جب ایماندار مرد یا عورت

الْمُؤْمِنَةَ اِذَا بَدَاَ بِالصَّلٰوةِ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود شریف بھیجنا شروع

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَ

کرتے ہیں تو ان کے لیے آسمانوں اور پردوں کے دروازے

السُّرَادِقَاتُ حَتّٰى اِلَى الْعَرْشِ فَلَا يَبْقٰى

عرش تک کھول دیتے جاتے ہیں آسمان کا

مَلَكٌ فِي السَّمٰوٰتِ اِلَّا صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
ہر فرشتہ اللہ تعالیٰ کے حبیب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر درود
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِذٰلِكَ الْعَبْدِ
بھیجتا ہے اور تمام فرشتے اس مرد یا عورت کے لئے دعاء مغفرت
اَوِ الْاَمَةِ مَاشَاءَ اللّٰهُ ۝ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ
کرتے ہیں، جس قدر اللہ کو منظور ہوتا ہے۔ حضور سیّدِ عالم
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَسُرَتْ عَلَيْهِ حَاجَةٌ
نورِ مجسّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا: جس کے لئے کسی حاجت کا
فَلْيُكْثِرْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيَّ فَاِنَّهَا تَكْشِفُ الْهُمُوْمَ
حصول مشکل ہو جائے اسے مجھ پر کثرت سے درود بھیجنا چاہیے، کیونکہ
وَالْغُمُوْمَ وَالْكُرُوْبَ وَتُكَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِي
درود پاک غم و آلام اور تکالیف کو دور کر دیتا ہے اور رزق کی کثرت
الْحَوَائِجَ ۝ وَعَنْ بَعْضِ الصّٰلِحِيْنَ اَنَّهٗ
اور حاجتوں کے پورا ہونے کا سبب ہے۔ بعض صالحین سے مروی ہے
قَالَ كَانَ لِيْ جَارٌ نَسَّاخٌ فَمَاتَ فَرَاَيْتُهٗ فِي
کہ میرا ایک پڑوسی کاتب تھا، وہ فوت ہوگیا تو میں نے اسے
الْمَنَامِ فَقُلْتُ لَهٗ مَا فَعَلَ اللّٰهُ بِكَ فَقَالَ
خواب میں دیکھا اور پوچھا اللہ تعالیٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟
غَفَرَ لِيْ فَقُلْتُ لَهٗ فَبِمَ ذٰلِكَ فَقَالَ كُنْتُ
اس نے کہا مجھے بخش دیا۔ میں نے پوچھا کس سبب سے؟ اس
اِذَا كَتَبْتُ اسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
نے کہا کہ میں جب بھی کسی کتاب میں نبیِّ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا اسمِ پاک

فِيْ كِتَابٍ صَلَّيْتُ عَلَيْهِ فَاَعْطَانِيْ رَبِّيْ مَالَا
لکھتا تھا تو اس کے ساتھ درود شریف ضرور پڑھتا تھا اللہ تعالیٰ نے مجھے ایسی
عَيْنٌ رَّاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰى
نعمتیں دیں جو نہ تو کسی آنکھ نے دیکھیں نہ کسی کان نے سنیں اور نہ
قَلْبِ بَشَرٍ ۝ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ
ان کا تصور کسی انسانی دل پر گزرا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ
رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا: تم میں سے کوئی کامل ایماندار
حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ نَّفْسِهٖ وَمَالِهٖ
نہیں ہوگا یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک اس کی جان، مال، اولاد،
وَوَلَدِهٖ وَوَالِدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ وَفِيْ
والد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ حضرت
حَدِيْثِ عُمَرَ اَنْتَ اَحَبُّ اِلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے، یا رسول اللہ! آپ مجھے ہر شے
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا نَفْسِيَ الَّتِيْ بَيْنَ جَنْبَيَّ
سے زیادہ محبوب ہیں، سوائے میری جان کے جو میرے دو پہلوؤں کے
فَقَالَ لَهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لَا تَكُوْنُ
درمیان ہے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے انہیں فرمایا: تم اس
مُؤْمِنًا حَتّٰى اَكُوْنَ اَحَبَّ اِلَيْكَ مِنْ نَّفْسِكَ
وقت تک کامل مومن نہیں ہوگے جب تک میں تمہارے نزدیک تمہاری جان سے
فَقَالَ عُمَرُ وَالَّذِيْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ
زیادہ محبوب نہیں ہو جاؤں گا۔ حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) نے عرض کیا: اس

لَأَنْتَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي الَّتِي بَيْنَ
ذاتِ اقدس کی قسم جس نے آپ پر قرآن اُتارا! آپ میرے نزدیک میری جان سے بھی زیادہ محبوب

جَنْبَيَّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
ہیں جو میرے دو پہلوؤں کے درمیان ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

وَسَلَّمَ اَلْاٰنَ يَا عُمَرُ تَمَّ إِيمَانُكَ ۝ وَقِيلَ
نے فرمایا: عمر! اب تمہارا ایمان مکمل ہوا ہے۔ اور

لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے عرض کیا گیا کہ میں

أَكُونُ مُؤْمِنًا وَّفِي لَفْظٍ اٰخَرَ مُؤْمِنًا صَادِقًا
کب مومن ہوں گا؟ ایک روایت میں ہے میں مومن صادق کب ہوں گا؟

قَالَ إِذَا أَحْبَبْتَ اللّٰهَ فَقِيلَ مَتٰى أُحِبُّ اللّٰهَ قَالَ
فرمایا جب تو اللہ تعالیٰ سے محبت رکھے گا عرض کیا گیا میں اللہ تعالیٰ سے کب محبت رکھوں گا؟

إِذَا أَحْبَبْتَ رَسُولَهٗ فَقِيلَ مَتٰى أُحِبُّ رَسُولَهٗ
فرمایا جب تو اس کے رسول سے محبت رکھے گا، عرض کیا گیا: اور اس کے رسول سے کب محبت رکھوں گا؟

قَالَ إِذَا اتَّبَعْتَ طَرِيقَتَهٗ وَاسْتَعْمَلْتَ بِسُنَّتِهٖ
فرمایا جب تو اُن کے طریقے کی پیروی کرے اُن کی سُنّت پر عمل کرے، ان کی محبت کی بنا پر کسی سے

وَأَحْبَبْتَ بِحُبِّهٖ وَأَبْغَضْتَ بِبُغْضِهٖ وَوَالَيْتَ
محبت اور ان کے بغض کی بنا پر کسی سے بغض رکھے اور ان کی دوستی

بِوَلَايَتِهٖ وَعَادَيْتَ بِعَدَاوَتِهٖ وَيَتَفَاوَتُ النَّاسُ
کی بنا پر دوستی اور ان کی دشمنی کی بنا پر دشمنی کرے

فِي الْإِيمَانِ عَلٰى قَدْرِ تَفَاوُتِهِمْ فِي مَحَبَّتِي وَ
اور لوگ ایمان میں اتنے ہی مختلف ہوں گے جس قدر وہ میری محبت میں مختلف

يَتَفَاوَتُونَ فِي الْكُفْرِ عَلٰى قَدْرِ تَفَاوُتِهِمْ فِي بُغْضِي ۝
ہوں گے اور کفر میں اتنے ہی مختلف ہوں گے جس قدر میرے بغض میں

أَلَا لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَّا مَحَبَّةَ لَهٗ ۝ أَلَا لَا إِيمَانَ
مختلف ہوں گے۔ خبردار! اس کا ایمان نہیں جسے محبت نہیں۔ خبردار! اس کا ایمان

لِمَنْ لَّا مَحَبَّةَ لَهٗ ۝ أَلَا لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَّا مَحَبَّةَ
نہیں جسے محبت نہیں۔ خبردار! اس کا ایمان نہیں جسے محبت

لَهٗ ۝ وَقِيلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
نہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم سے عرض کیا گیا

وَسَلَّمَ نَرٰى مُؤْمِنًا يَّخْشَعُ وَمُؤْمِنًا لَّا
کہ ہم دیکھتے ہیں ایک ایماندار خشوع والا ہے اور ایک نہیں ہے

يَخْشَعُ مَا السَّبَبُ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ مَنْ وَّجَدَ
اس کا سبب کیا ہے؟ فرمایا: جو اپنے ایمان کی مٹھاس پاتا

لِإِيمَانِهٖ حَلَاوَةً خَشَعَ وَمَنْ لَّمْ يَجِدْهَا
ہے خشوع کرتا ہے اور جو ایمان کی مٹھاس نہیں پاتا وہ خشوع نہیں کرتا

لَمْ يَخْشَعْ فَقِيلَ بِمَ تُوجَدُ أَوْ بِمَ تُنَالُ
عرض کیا گیا: وہ چاشنی کس سبب سے پائی جاتی ہے

وَتُكْتَسَبُ قَالَ بِصِدْقِ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ
یا حاصل کی جاتی ہے؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کی سچی محبت سے، عرض

فَقِيلَ وَبِمَ يُوجَدُ حُبُّ اللّٰهِ أَوْ بِمَ يُكْتَسَبُ
کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی سچی محبت کس سبب سے پائی جاتی ہے یا حاصل کی جاتی ہے؟

فَقَالَ بِحُبِّ رَسُولِهٖ فَالْتَمِسُوا رِضَاءَ اللّٰهِ
فرمایا: اس کے رسول کی محبت سے، لہٰذا تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول

وَرِضَاءَ رَسُوْلِهٖ فِيْ حُبِّهِمَا ○ وَقِيْلَ لِرَسُوْلِ
کی رضا ان کی محبت میں تلاش کرو ۔ اور رسول اللہ صلی اللہ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰلُ مُحَمَّدٍ
علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کیا گیا کہ آلِ محمد کون ہیں؟
الَّذِيْنَ اُمِرْنَا بِحُبِّهِمْ وَاِكْرَامِهِمْ وَالْبُرُوْرِ
جن کی محبت، تعظیم اور خدمت کا ہمیں حکم دیا گیا ہے
بِهِمْ فَقَالَ اَهْلُ الصَّفَاءِ وَالْوَفَاءِ مَنْ اٰمَنَ
فرمایا: صاف دل، باوفا جو مجھ پر
بِيْ وَاَخْلَصَ فَقِيْلَ لَهٗ وَمَا عَلَامَاتُهُمْ
مخلصانہ ایمان لائے ۔ عرض کیا گیا کہ ان کی علامتیں کیا ہیں؟
فَقَالَ اِيْثَارُ مَحَبَّتِيْ عَلٰى كُلِّ مَحْبُوْبٍ وَّاشْتِغَالُ
فرمایا: میری محبت کو ہر محبوب پر ترجیح دینا اور دل کو
الْبَاطِنِ بِذِكْرِيْ بَعْدَ ذِكْرِ اللّٰهِ ○ وَفِيْ اُخْرٰى
اللہ تعالیٰ کے ذکر کے بعد میرے ذکر سے مشغول رکھنا، ایک اور
عَلَامَتُهُمْ اِدْمَانُ ذِكْرِيْ وَالْاِكْثَارُ مِنَ
روایت میں ہے ان کی علامت یہ ہے کہ ہمیشہ میرا ذکر کرتے ہیں اور
الصَّلٰوةِ عَلَيَّ ○ وَقِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
مجھ پر بکثرت درود بھیجتے ہیں ۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ الْقَوِيُّ فِي الْاِيْمَانِ بِكَ
عرض کیا گیا کہ کون ہے جو آپ پر ایمان لانے میں قوی ہے؟
فَقَالَ مَنْ اٰمَنَ بِيْ وَلَمْ يَرَنِيْ فَاِنَّهٗ
فرمایا: جو مجھ پر دیکھے بغیر ایمان لایا ۔ بے شک وہ

مُؤْمِنٌ بِيْ عَلٰى شَوْقٍ مِّنْهُ وَصِدْقٍ فِيْ
اپنے شوق اور میری محبت میں سچائی کے ساتھ ایمان لایا اور
مَحَبَّتِيْ وَعَلَامَةُ ذٰلِكَ مِنْهُ اَنَّهٗ يَوَدُّ
اس کی علامت یہ ہے کہ وہ میری زیارت کی آرزو رکھتا
رُؤْيَتِيْ بِجَمِيْعِ مَا يَمْلِكُ ○ وَفِيْ اُخْرٰى
ہے چاہے سب کچھ قربان کیوں نہ کرنا پڑے ۔ ایک دوسری
مِلْءِ الْاَرْضِ ذَهَبًا ○ ذٰلِكَ الْمُؤْمِنُ
روایت میں ہے کہ چاہے تمام زمین کا سونا خرچ کرنا پڑے ۔ وہ مجھ پر
بِيْ حَقًّا وَّالْمُخْلِصُ فِيْ مَحَبَّتِيْ صِدْقًا ○
پختہ ایمان رکھتا اور سچ مچ میری محبت میں مخلص ہے۔
وَقِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض
وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَ صَلٰوةَ الْمُصَلِّيْنَ
کیا گیا کہ آپ کی بارگاہ سے جو غائب ہیں اور جو آپ
عَلَيْكَ مِمَّنْ غَابَ عَنْكَ وَمَنْ يَّاْتِيْ
کے بعد آئیں گے، ان کے درود شریف کے متعلق
بَعْدَكَ مَا حَالُهُمَا عِنْدَكَ فَقَالَ
فرمائیے، آپ کے نزدیک ان کا کیا حال ہے؟ فرمایا:
اَسْمَعُ صَلٰوةَ اَهْلِ مَحَبَّتِيْ وَاَعْرِفُهُمْ
میں اپنی محبت والوں کا درود سنتا ہوں اور انہیں
وَتُعْرَضُ عَلَيَّ صَلٰوةُ غَيْرِهِمْ عَرْضًا ○
پہچانتا ہوں اور دوسروں کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

اسماءِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم روزانہ اس طریقہ سے پڑھیں :

اَلْاَسْمَاءُ النَّبَوِيَّةُ عَلٰى مُسَمَّاهَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ اس ہستی پر صلوٰۃ وسلام ہو جن کے یہ نام ہیں۔

اَسْمَاءُ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ
ہمارے آقا و مولا اور نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَتَانِ وَوَاحِدٌ وَّهِيَ هٰذِهٖ
وآلہ وسلم کے اسمائے طیبہ دو سو ایک ہیں اور وہ یہ ہیں :

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنِ اسْمُهٗ
اے اللہ ! درود و سلام اور برکت نازل فرما اس ذات کریم

سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
پر جن کا نام پاک ہمارے آقا محمد (جن کی بے حد تعریف کی گئی) صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سَيِّدُنَا اَحْمَدُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا احمد (اللہ تعالیٰ کی) سب سے زیادہ تعریف کرنیوالے صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا حَامِدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سَيِّدُنَا مَحْمُوْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جن کی تعریف کی گئی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سَيِّدُنَا اَحِيْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا امت سے جہنم کی آگ دور کرنے والے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سَيِّدُنَا وَحِيْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا یکتائے عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سَيِّدُنَا مَاحٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کفر کو مٹانے والے صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا حَاشِرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا قیامت کے دن سب سے پہلے صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا عَاقِبٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تمام انبیاء سے زمانے میں آخر صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا طٰهٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے سردار طاھر صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا يٰسٓ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے سردار سب کے آقا صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا طَاهِرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا پاک صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا مُطَهَّرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا پاک پیدا کیے ہوئے صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا طَيِّبٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا پاکیزہ صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا سَيِّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کل جہان کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا رَسُوْلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا رسول صلی اللہ علیہ وسلم

سَيِّدُنَا نَبِيٌّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا رحمت کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا قَیِّمٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سب کے کام بنانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا جَامِعٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تمام کمالات کے جامع صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُقْتَفٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا انبیاء کے بعد آنیوالے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا الْمُقَفّٰی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا آخر میں آنیوالے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا معرکوں کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّاحَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا راحت عطا فرمانے والے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا كَامِلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کامل صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اِكْلِيْلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سرتاج انبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُدَّثِّرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا لحاف اوڑھنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُزَّمِّلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کمل زیب تن فرمانیوالے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا عَبْدُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کے مکرّم بندے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا حَبِيْبُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کے محبوب صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَفِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا نَجِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ سے مناجات کرنیوالے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا كَلِيْمُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ سے کلام کرنیوالے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا خَاتَمُ الْاَنْبِيَآءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نبیوں کے ختم کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا خَاتَمُ الرُّسُلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا رسولوں کے ختم کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُحْيٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا زندہ کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُنْجٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نجات دینے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُذَكِّرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نصیحت فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا نَاصِرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا امداد فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَنْصُوْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مدد دیئے ہوئے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا نَبِيُّ الرَّحْمَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نبیٔ رحمت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا نَبِيُّ التَّوْبَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا درِ توبہ کھولنے والے نبی صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تم (اُمتیوں) پر مہربان صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَعْلُوْمٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جانے پہچانے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا شَهِيْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مشہورِ آفاق صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا شَاهِدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا گواہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا شَهِيْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا گواہی دینے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَشْهُوْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جن کی صداقت کی گواہی دی گئی صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا بَشِيْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا خوشخبری سنانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُبَشِّرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بشارت دینے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا نَذِيْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ڈر سنانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُنْذِرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ڈرانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا نُوْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سراپا نور صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا سِرَاجٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا چراغِ ہدایت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مِصْبَاحٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا روشن چراغ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا هُدًى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مجسمۂ ہدایت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَهْدِيٌّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ہدایت دیئے گئے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُنِيْرٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نور عطا فرمانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا دَاعٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ہدایت کی طرف بلانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَدْعُوٌّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بلائے گئے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُجِيْبٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا قبول فرمانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُجَابٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مقبول دُعا والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا حَفِیٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بہت ہی مہربان صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا عَفُوٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا معاف فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا وَلِیٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کے دوست صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا حَقٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سراپا حق صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا قَوِیٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ قوت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اَمِیْنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا امانت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مَاْمُوْنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جن کی طرف سے شر کا خوف نہیں صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا کَرِیْمٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جامع کمالات صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُکَرَّمٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا عزّت دیئے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مَکِیْنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا عظیم مرتبے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مَتِیْنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مضبوط صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُبِیْنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ظاہر صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُؤَمَّلٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اُمید والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا وَصُوْلٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صلہ رحمی کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ذُوْقُوَّۃٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا طاقت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ذُوْحُرْمَۃٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بزرگی والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ذُوْمَکَانَۃٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا عظیم مرتبے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ذُوْعِزٍّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا عزّت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ذُوْفَضْلٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا فضیلت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُطَاعٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اطاعت کیے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُطِیْعٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سچے راہنما صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رَحْمَۃٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا پیکرِ رحمت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا بُشْرٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا خوشخبری دینے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا غَوْثٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا فریاد کو پہنچنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا غَیْثٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ابرِ رحمت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا غِیَاثٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا دست گیری فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا نِعْمَۃُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کی نعمت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ھَدِیَّۃُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کے عطیہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا عُرْوَۃٌ وُّثْقٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مضبوط دستاویز صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صِرَاطُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ کی راہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا راہِ راست صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا ذِکْرُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کا ذکر صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا سَیْفُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کی تلوار صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا حِزْبُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کا لشکر صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا النَّجْمُ الثَّاقِبُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تابندہ ستارے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا چُنے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا برگزیدہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُنْتَقًی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا منتخب صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اُمِّیٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جنہوں نے سوائے خدا کے کسی سے نہیں پڑھا صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُخْتَارٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مالک و مختار صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اَجِیْرٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اُمت کو آگ سے بچانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا جَبَّارٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا شکستگی دُور کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا حضرت قاسم کے والد صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اَبُو الطَّاہِرِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا حضرت طاہر کے والد صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اَبُو الطَّیِّبِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا حضرت طیّب کے والد صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اَبُو اِبْرٰہِیْمَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا حضرت ابراہیم کے والد صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُشَفَّعٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مقبول شفاعت والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا شَفِیْعٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا شفاعت فرمانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَالِحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صالح اور نیک صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُصْلِحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اصلاح فرمانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُھَیْمِنٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نگہبان صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَادِقٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سچے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُصَدِّقٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تصدیق کیے ہوئے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صِدْقٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سچائی کے پیکر صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا سَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تمام رسولوں کے سردار صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تمام متقیوں کے امام صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا چمکدار اعضاء وضو والوں کو جنت میں لیجانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا خَلِیْلُ الرَّحْمٰنِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللّٰہ تعالیٰ کے خلیل صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا بَرٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سراپا نیکی صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُبِرٌّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نیک بنانے والے صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا وَجِیْہٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا معزز صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا نَصِیْحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا پیکرِ خلوص صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا نَاصِحٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا خیر خواہ صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا وَکِیْلٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اُمّت کے کارساز صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُتَوَکِّلٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا توکّل والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا کَفِیْلٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا فرمانبرداروں کیلئے جنّت کے ضامن صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا شَفِیْقٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مہربان صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُقِیْمُ السُّنَّةِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا دین کا طریقہ بتانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُقَدَّسٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مقدّس و معطر صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقُدُسِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جانِ پاکیزگی صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رُوْحُ الْحَقِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا حق کی روح صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رُوْحُ الْقِسْطِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا روحِ انصاف صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا کَافٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کافی صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُکْتَفٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کفایت کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا بَالِغٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا درجۂ کمال پر پہنچنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُبَلِّغٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تبلیغ فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا شَافٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا شفا دینے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا وَاصِلٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بارگاہِ خداوندی تک پہنچنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مَوْصُوْلٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا رحمت سے ملائے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا سَابِقٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سبقت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا سَائِقٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ہدایت کی طرف چلانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا هَادٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا ہدایت دینے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُهْدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا راہنمائی فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُقَدَّمٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا سب سے آگے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا عَزِیْزٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا غالب صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا فَاضِلٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا فضیلت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُفَضَّلٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا فضیلت دیئے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا فَاتِحٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا کھولنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مِفْتَاحٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اسرارِ الٰہیہ کی کُنجی صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مِفْتَاحُ الرَّحْمَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا رحمت کی چابی صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جنّت کی کُنجی صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا عَلَمُ الْإِيمَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نشانِ ایمان صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا عَلَمُ الْيَقِينِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نشانِ یقین صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا دَلِيلُ الْخَيْرَاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نیکیوں کے راہنما صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نیکیوں کے صحیح کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مُقِيلُ الْعَثَرَاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا خطاؤں کے معاف کرنیوالے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَفُوحٌ عَنِ الزَّلَّاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا لغزشوں سے درگزر فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ شفاعت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمَقَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ مقامِ محمود صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْقَدَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ پیشوائی صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَخْصُوصٌ بِالْعِزِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا عزّت سے خاص کئے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَخْصُوصٌ بِالْمَجْدِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بزرگی سے خاص کئے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا مَخْصُوصٌ بِالشَّرَفِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا شرافت سے خاص کئے ہوئے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْوَسِيلَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ وسیلہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ السَّيْفِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ تلوار صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْفَضِيلَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحبِ فضیلت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْإِزَارِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تہبند والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْحُجَّةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا قوی حجّت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ السُّلْطَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحب غلبہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الرِّدَاءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا چادر والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِيعَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بلند مرتبے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ التَّاجِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تاج والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِغْفَرِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا خود والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ اللِّوَاءِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا لواء الحمد والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا معراج والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْقَضِيبِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صاحب شمشیر صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرَاقِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا براق والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْخَاتَمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مہر نبوت والے (آخری نبی) صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْعَلَامَةِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نبوّت کی علامت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرْهَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مستحکم دلیل والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْبَيَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا روشن بیان والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا فَصِيحُ اللِّسَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا فصیح زبان والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا مُطَهَّرُ الْجَنَانِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا پاکیزہ دل والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رَءُوفٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا شفقت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا رَحِيمٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا بہت مہربان صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا أُذُنُ خَيْرٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اچھی بات سُننے والے کان صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا صَحِيحُ الْإِسْلَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا صحیح اسلام والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا دو جہان کے سردار صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا عَيْنُ النَّعِيمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا چشمۂ نعمت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَیِّدُنَا عَيْنُ الْغُرِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اُمّت کے بہترین لوگوں کے سردار صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا سَعْدُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا اللہ تعالیٰ کی برکت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا سَعْدُ الْخَلْقِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مخلوق کی سعادت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا خَطِيْبُ الْأُمَمِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا تمام اُمتوں کے خطیب صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا عَلَمُ الْهُدٰى صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا نشان ہدایت صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا كَاشِفُ الْكُرَبِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا مشکلات کو حل فرمانے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا رَافِعُ الرُّتَبِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا رتبوں کے بلند کرنے والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا عِزُّ الْعَرَبِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا دُنیائے عرب کی آبرو صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْفَرَجِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا وسعت والے صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدُنَا كَرِيْمُ الْمَخْرَجِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ
ہمارے آقا جن کی جائے ولادت بڑی معزز ہے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بِجَاهِ نَبِيِّكَ الْمُصْطَفٰى وَ
اے اللہ! اے پالنہار! اپنے برگزیدہ نبی اور پسندیدہ رسول

رَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى طَهِّرْ قُلُوْبَنَا مِنْ
کے طفیل ہمارے دلوں کو ہر ایسے وصف

كُلِّ وَصْفٍ يُّبَاعِدُنَا عَنْ مُّشَاهَدَتِكَ
سے پاک فرما جو ہمیں تیرے مشاہدہ و محبت سے دور

وَمَحَبَّتِكَ وَاَمِتْنَا عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ
کر دے اور ہمیں مسلک اہل سُنّت و جماعت اور

وَالشَّوْقِ اِلٰى لِقَائِكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○
اپنی ملاقات کے شوق پر موت نصیب فرما، اے بزرگی اور بخشش والے

وَصَلَّى اللهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
اللہ تعالیٰ ہمارے آقا و مولا حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ○
محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپ کی آل اور اصحاب پر رحمت اور سلامتی نازل فرمائے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○
اور تمام تعریفیں تمام جہانوں کے پالنے والے کے لیے۔

هٰذَا دُعَاءُ النِّيَّةِ
یہ دُعاء نیت ہے۔

یہ دُعا بعد اسمائے نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم روزانہ پڑھیں:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
اللہ کے نام سے شروع جو بہت ہی مہربان نہایت رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَحَسْبِيَ
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو کل جہانوں کا مالک ہے۔ اور مجھے

اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے اور گناہ سے بچنے کی کوئی ہمت نہیں

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَبْرَءُ
اور نیکی کرنے کی کوئی قوت نہیں مگر اللہ کے ساتھ جو عظمت والا ہے۔ اے اللہ بے شک
اِلَیْكَ مِنْ حَوْلِیْ وَ قُوَّتِیْٓ اِلٰی حَوْلِكَ وَ
میں اپنی طاقت اور قوت سے بری ہو کر تیری طاقت اور قوت کی طرف
قُوَّتِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ نَوَیْتُ بِالصَّلٰوةِ عَلَی
رجوع کرتا ہوں ۔ اے اللہ ! میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم
النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ امْتِثَالًا
کی بارگاہِ ناز میں درود شریف کا نذرانہ پیش کرکے نیت کی ہے
لِّاَمْرِكَ وَ تَصْدِیْقًا لِّنَبِیِّكَ سَیِّدِنَا
تیرے حکم کی تعمیل کرنے اور تیرے نبی سیّدنا
مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ مَحَبَّةً
محمّد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلّم کی تصدیق کی اور میں نے
فِیْهِ وَ شَوْقًا اِلَیْهِ وَ تَعْظِیْمًا لِّقَدْرِهٖ
آپ کی محبت اور آپ کے شوق کی بنا پر اور آپ کے مرتبے کی تعظیم کی بنا
وَ لِكَوْنِهٖ اَهْلًا لِّذٰلِكَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ
پر یہ نیت کی ہے اور اس لیے کہ آپ اس کے لائق ہیں، لہٰذا یہ درود پاک مجھ سے
بِفَضْلِكَ وَ اِحْسَانِكَ وَ اَزِلْ حِجَابَ
اپنے فضل و کرم سے قبول فرما اور میرے دل سے
الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِیْ وَ اجْعَلْنِیْ مِنْ
غفلت کا پردہ دور فرما اور مجھے اپنے
عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ زِدْهُ
نیک بندوں میں شامل فرما ۔ اے اللہ ! جو شرافت تو نے آپ کو

شَرَفًا عَلٰی شَرَفِهِ الَّذِیْٓ اَوْلَیْتَهٗ ۝ وَ عِزًّا عَلٰی
عطا فرمائی ہے اس میں مزید اضافہ فرما اور جو عزت آپ کو مرحمت
عِزِّهِ الَّذِیْٓ اَعْطَیْتَهٗ ۝ وَ نُوْرًا عَلٰی نُوْرِهِ
فرمائی ہے اسے دوبالا فرما اور جس نور سے تو نے آپ کو
الَّذِیْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ ۝ وَ اَعْلِ مَقَامَهٗ فِیْ
پیدا فرمایا اسے مزید روشن فرما اور آپ کا مقام
مَقَامَاتِ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ وَ دَرَجَتَهٗ فِیْ
رسولوں کے مقام میں بلند فرما اور آپ کا درجہ
دَرَجٰتِ النَّبِیِّیْنَ ۝ وَ اَسْئَلُكَ رِضَاكَ
انبیاء کے درجات مزید اونچا فرما اور میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تیری رضا
وَ رِضَاهُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ مَعَ الْعَافِیَةِ
اور آپ کی رضا کی اے ربّ العالمین ! سمیت دائمی
الدَّآئِمَةِ وَ الْمَوْتَ عَلَی الْكِتَابِ وَ السُّنَّةِ
عافیت کے اور میری دعا ہے کہ قرآن پاک ، مسلک اہل سنّت
وَ الْجَمَاعَةِ وَ كَلِمَتَیِ الشَّهَادَةِ عَلٰی تَحْقِیْقِهَا
وجماعت اور شہادت کے دو کلموں کی تصدیق پر موت عطا فرما
مِنْ غَیْرِ تَغْیِیْرٍ وَّ تَبْدِیْلٍ ۝ وَّ اغْفِرْ لِیْ مَا
بغیر کسی تغیّر و تبدّل کے اور جن گناہوں کا میں نے
ارْتَكَبْتُهٗ بِمَنِّكَ وَ فَضْلِكَ وَ جُوْدِكَ
ارتکاب کیا ہے اپنے احسان و فضل اور جود و کرم سے
وَ كَرَمِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝
مجھے بخش دے اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے ۔

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اللہ تعالیٰ ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ○

اور آپ کی آل اور اصحاب پر رحمتیں اور سلامتی نازل فرمائے۔

هٰذِهٖ صِفَةُ الرَّوْضَةِ

یہ اس روضۂ مبارک کی کیفیت ہے۔

الَّتِيْ دُفِنَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

جس میں رسول اللہ صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَاهُ اَبُوْبَكْرٍ وَّ

علیہ وآلہٖ وسلم اور آپ کے دو صحابی حضرت ابوبکر اور

عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا هٰكَذَا ذَكَرَهٗ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما دفن کیے گئے، اسی طرح حضرت

عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا

عروہ ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بیان کیا

قَالَ دُفِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

فِي السَّهْوَةِ وَدُفِنَ اَبُوْبَكْرٍ رَّضِيَ اللّٰهُ

چبوترے میں دفن کیے گئے حضرت ابوبکر صدیق

عَنْهُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ

وَسَلَّمَ وَدُفِنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وسلم کے پیچھے اور حضرت عمر فاروق ابن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

عِنْدَ رِجْلَيْ اَبِيْ بَكْرٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے

وَبَقِيَتِ السَّهْوَةُ الشَّرْقِيَّةُ فَارِغَةً فِيْهَا

پاؤں کے پاس دفن کیے گئے۔ چبوترے کا مشرقی حصہ خالی رہا۔ اس

مَوْضِعُ قَبْرٍ يُّقَالُ لَهٗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّ

میں ایک قبر کی جگہ ہے جس کے متعلق کہا جاتا ہے (اللہ تعالیٰ

عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُدْفَنُ

بہتر جانتا ہے) کہ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام وہاں دفن

فِيْهِ وَكَذٰلِكَ جَآءَ فِي الْخَبَرِ عَنْ

کیے جائیں گے۔ اسی طرح حدیث میں

رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

وَقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا رَاَيْتُ

سے وارد ہے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں

ثَلٰثَةَ اَقْمَارٍ سُقُوْطًا فِيْ حُجْرَتِيْ

نے (خواب میں) اپنے گھر میں تین چاند اترتے ہوئے دیکھے،

فَقَصَصْتُ رُؤْيَايَ عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ رَّضِيَ

میں نے یہ خواب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے بیان کیا تو

اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لِيْ يَا عَائِشَةُ لَيُدْفَنَنَّ

انہوں نے فرمایا: عائشہ! تیرے گھر میں تمام

فِيْ بَيْتِكِ ثَلٰثَةٌ هُمْ خَيْرُ اَهْلِ الْاَرْضِ

زمین والوں سے افضل تین شخصیتیں دفن کی جائیں گی۔ جب

فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ دُفِنَ فِي بَيْتِي قَالَ
وصال ہوا اور آپ میرے گھر میں دفن کیے گئے تو
لِي أَبُو بَكْرٍ رَّضِيَ اللهُ عَنْهُ
مجھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:
هٰذَا وَاحِدٌ مِّنْ أَقْمَارِكِ وَهُوَ
یہ تیرے تین چاندوں میں سے ایک ہیں اور یہ
خَيْرُهُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
سب سے افضل ہیں، اللہ تعالیٰ آپ پر اور آپ
اٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَثِيرًا ۝
کی آل پر رحمت اور بکثرت سلامتی نازل فرمائے۔

اَلْحِزْبُ الْاَوَّلُ فِي يَوْمِ الْاِثْنَيْنِ

پہلی منزل پیر کے دن پڑھی جائے

نوٹ: منزل اول شروع کرنے سے پہلے صفحہ ۲۳ دُعَاءُ الْاِفْتِتَاحِ سے لے کر كَثِيرًا صفحہ ٦٨ پڑھیں

فَصْلٌ فِي كَيْفِيَّةِ الصَّلٰوةِ

یہ فصل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ اقدس
عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ۝
پر درود بھیجنے کی کیفیت کے بیان میں ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، بہت ہی رحم والا ہے
صَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
اللہ تعالیٰ ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۝
آپ کی آل اور اصحاب پر رحمت و سلامتی نازل فرمائے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ! ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ
وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
وسلم، آپ کی ازواج اور اولاد پر رحمتیں نازل فرما جیسے تُو نے
سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى
ہمارے آقا و مولا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر رحمتیں نازل
سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَ
فرمائیں۔ اور ہمارے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، آپ
ذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا وَ
کی ازواج اور اولاد پر برکت نازل فرما جیسے تُو نے ہمارے آقا و
مَوْلٰنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
مولا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر برکت نازل فرمائی بیشک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ! ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور

وَّعَلٰٓی اٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَآ
آپ کی آل پر رحمتیں نازل فرما، جیسے تُو نے ہمارے آقا و مولا
اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائیں اور ہمارے آقا و مولا حضرت
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ كَمَا
محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر برکتیں
بَارَكْتَ عَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَآ اِبْرٰهِيْمَ
نازل فرما جیسے تُو نے ہمارے آقا و مولا ابراہیم علیہ السلام
فِی الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
کی آل پر تمام جہانوں میں نازل فرمائیں، بیشک تُو حمد اور بزرگی والا ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
اے اللہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ
وَّاٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
علیہ وسلم اور آپ کی آل پر رحمتیں نازل فرما جس طرح تُو نے
عَلٰی سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا
سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل فرمائی اور سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی
محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر برکتیں نازل فرما، جیسے سیدنا
سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
ابراہیم علیہ السلام پر برکتیں نازل فرمائیں، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ
اے اللہ! سیدنا محمد مصطفٰی نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ

الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ۝
کی آل پر رحمتیں نازل فرما
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ
اے اللہ! اپنے عبدِ خاص اور رسولِ مکرم سیدنا محمد مصطفٰی صلی اللہ
رَسُوْلِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
علیہ وسلم پر رحمتیں نازل فرما۔ اے اللہ! سیدنا محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
آپ کی آل پر رحمتیں نازل فرما، جیسے تُو نے سیدنا
عَلٰی سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ
ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر رحمتیں
سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
نازل فرمائیں، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
اے اللہ! سیدنا محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی سَيِّدِنَا
برکتیں نازل فرما جیسے تُو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام
اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ
اور ان کی آل پر برکتیں نازل فرمائیں،
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ
بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ ہمارے آقا
عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
و مولا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر رحم فرما

كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰى
جیسے تُو نے سیّدنا ابراہیم علیہ السّلام اور ان کی

اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
آل پر رحم فرمایا ، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى
اے اللہ ! مہربانی فرما ہمارے آقا و مولا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا
علیہ وسلّم اور آپ کی آل پر جس طرح تُو نے سیّدنا

اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
ابراہیم علیہ السّلام اور ان کی آل پر مہربانی فرمائی ،

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ
بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ ! ہمارے آقا

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
و مولا حضرت مُحمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپ کی آل پر سلامتی

كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى
نازل فرما جیسے تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السّلام اور ان کی

اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
آل پر سلامتی نازل فرمائی ، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اے اللہ ! ہمارے آقا و مولا حضرت مُحمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ ارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّ
اور آپ کی آل پر رحمتیں نازل فرما ، ہمارے آقا محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

اٰلَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اور ان کی آل پر رحم فرما اور ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَرَحِمْتَ
اور ان کی آل پر برکت نازل فرما جس طرح تُو نے رحمت نازل فرمائی

وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
رحم فرمایا اور برکت نازل کی سیّدنا ابراہیم علیہ السّلام اور ان کی آل

اِبْرٰهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
پر تمام جہانوں میں ، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَ
اے اللہ ! رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم

اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ
آپ کی ازواجِ مطہرات مسلمانوں کی ماؤں اور آپ کی اولاد اور

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا
اہل بیت پر جیسے تُو نے رحمت نازل فرمائی سیّدنا

اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ
ابراہیم علیہ السّلام پر ، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ !

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
ہمارے آقا محمّد مصطفےٰ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپ کی آل پر برکت

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ
نازل فرما جیسے تُو نے سیّدنا ابراہیم علیہ السّلام پر برکت نازل

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ دَاحِيَ
کی ، بے شک تُو حمد اور بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ ! زمینوں کا فرش

الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَ

بچھانے والے، بلند و بالا آسمانوں کے پیدا فرمانے والے اور

جَبَّارَ الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا

اور دلوں کو ان کی فطرت پر پابند فرمانے والے، کسی کو بدبخت

وَسَعِيْدِهَا اجْعَلْ شَرَآئِفَ صَلَوَاتِكَ

اور کسی کو نیک بخت۔ اپنی افضل ترین رحمتیں، روز افزوں برکتیں

وَ نَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَ رَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى

اور کمال مہربانی ہمارے آقا اور اپنے عبدِ خاص اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ

رسولِ مکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرما، جو سعادتوں کے بند دروازے

لِمَآ اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ

کھولنے والے گزشتہ انبیاء کے ختم فرمانے والے، دینِ حق کا

الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ الْاَبَاطِيْلِ

پوری قوت سے اعلان فرمانے والے، باطل کے لشکروں کا خاتمہ فرمانے والے

كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِاَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ

جس طرح انہیں حکم دیا گیا پس تیرے حکم سے تیری فرمانبرداری کے لئے تیار ہوتے

مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ وَاعِيًا لِّوَحْيِكَ

تیری رضا کے حصول میں کوشش کرنے والے تیری وحی کو محفوظ کرنے والے

حَافِظًا لِّعَهْدِكَ مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ اَمْرِكَ

تیرے عہد کی حفاظت کرنے والے، عزم و ہمت سے تیرا حکم جاری کرنے والے

حَتّٰى اَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ اٰلَآءُ اللّٰهِ تَصِلُ

یہاں تک کہ روشنی حاصل کرنے والے کے لئے نور روشن کر دیا، اللہ تعالیٰ کی نعمتیں

بِاَهْلِهٖ اَسْبَابَهٗ بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ

نور والوں تک نور کے اسباب پہنچا دیتی ہیں، آپ ہی کے سبب فتنوں اور گناہوں میں

خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْاِثْمِ وَاَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ

ڈوبے ہوئے دلوں کو ہدایت عطا کی گئی، آپ نے چمکتے نشانوں

الْاَعْلَامِ وَنَآئِرَاتِ الْاَحْكَامِ وَمُنِيْرَاتِ

احکام کے روشن میناروں اور اسلام کو رونق بخشنے والی اشیاء کو

الْاِسْلَامِ فَهُوَ اَمِيْنُكَ الْمَامُوْنُ وَخَازِنُ

زینت بخشی، پس آپ امن دیتے ہوئے تیرے امین، تیرے

عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَشَهِيْدُكَ يَوْمَ الدِّيْنِ

پوشیدہ علم کے محافظ اور قیامت کے دن تیرے گواہ ہیں

وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَّرَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً ۝

تیری بھیجی ہوئی نعمت اور تیرے رسول برحق اور سراپا رحمت ہیں

اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِيْ عَدْنِكَ وَاجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ

اے اللہ! ان کے لیے جنتِ عدن میں جگہ وسیع فرما اور اپنے فضل سے

الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ مُهَنَّاٰتٍ لَّهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ

آپ کی نیکیوں سے بڑھ کر زیادہ جزا عطا فرما جو آپ کے لیے خوشگوار ہوں اور بے کدورت،

مِّنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ وَجَزِيْلِ عَطَآئِكَ

تیرے نازل کئے ہوئے ثواب کی کامیابی اور تیری پے در پے آنے والی

الْمَعْلُوْلِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَعْلِ عَلٰى بِنَاءِ النَّاسِ

عظیم بخشش کے ساتھ۔ اے اللہ! لوگوں کی منزل پر آپ کی منزل بلند فرما اور

بِنَاءَهٗ وَاَكْرِمْ مَثْوَاهُ لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ وَ

اپنی بارگاہ میں ان کا مقام اور ان کی مہمانی عزت والی بنا، ان کے لیے

اَتْمِمْ لَهٗ نُوْرَهٗ وَاجْزِهٖ مِنِ ابْتِعَاثِكَ لَهٗ
ان کا نور مکمل فرما اور انہیں جزا دے اس بنا پر کہ تو نے انہیں

مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَمَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ ذَا مَنْطِقٍ
بھیجا گواہی کی مقبولیت اور گفتگو کی پسندیدگی کے ساتھ، جن کی گفتگو

عَدْلٍ وَّخُطَّةٍ فَصْلٍ وَّبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ ۝
عدل والی، فیصلہ شان دار اور دلیل عظیم ہے

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط
بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کی شان کا اہتمام کرتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا
اے ایمان والو! تم ان پر درود اور سلام بھیجو خوب سلام

تَسْلِيْمًا ۝ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ ط
بھیجیں۔ اے اللہ! اے میرے رب! میں بار بار حاضر ہوں

صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ الرَّحِيْمِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ
اور تیرے دین کی خدمت کے لئے تیار، اللہ احسان فرمانے والے اور مہربان،

الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ
مقرب فرشتوں، انبیاء، صدیقین، شہداء، صالحین اور

وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ لَكَ
تیری تسبیح کرنے والی ہر چیز کے درود نازل ہوں اے

مِنْ شَيْءٍ يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
رب العلمین! ہمارے آقا محمد بن

بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ
عبد اللہ پر جو انبیاء کے خاتم رسولوں کے

الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ
سردار، متقین کے امام رب العلمین کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الشَّاهِدِ الْبَشِيْرِ الدَّاعِيْ
رسول حاضر و ناظر، خوشخبری دینے والے، تیرے

اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ ۝
اذن سے تیری طرف بلانے والے، روشن چراغ اور ان پر سلام ہو

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَ
اے اللہ! اپنے درود، برکتیں اور رحمتیں نازل

رَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ
فرما رسولوں کے سردار، پرہیزگاروں کے امام اور نبیوں

وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ
کے ختم کرنے والے ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر

رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَآئِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ
جو تیرے عبد مکرم، تیرے رسول، نیکی کے امام اور قائد اور رسول رحمت ہیں

اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَّغْبِطُهٗ فِيْهِ
اے اللہ! آپ کو مقام محمود پر فائز فرما، جہاں آپ پر

الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
اگلے اور پچھلے رشک کریں۔ اے اللہ! درود بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا
ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر جیسے

صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
تو نے درود بھیجا ہمارے سردار ابراہیم علیہ السلام پر۔ بے شک تو

مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
تعریف والا ، بزرگی والا ہے ۔ اے اللہ ! برکت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ
وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
علیہ وسلم اور ان کی آل پر جیسے تُو نے برکت نازل فرمائی
سَیِّدِنَآ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
حضرت ابراہیم علیہ السلام پر ، بے شک تُو تعریف والا ، بزرگی والا ہے ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِہٖ
اے اللہ ! درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی
وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ
آل ، اصحاب ، اولاد ، ازواج مطہرات ، نسلِ پاک ،
وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَاَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ
اہلِ بیت ، سسرال والوں ، معاونین ، متبعین
وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ
محبین ، آپ کی اُمت اور ان سب کے ساتھ ہم پر
یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ۔ اے اللہ ! ہمارے
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ ۝ وَ
آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ان لوگوں کی تعداد کے مطابق درود
صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ
بھیج جنہوں نے آپ پر درود بھیجا ، اور ان لوگوں کی تعداد کے برابر جنہوں نے
یُصَلِّ عَلَیْہِ ۝ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
آپ پر درود نہیں بھیجا ۔ اور ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

کَمَآ اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ ۝ وَصَلِّ
پر درود بھیج جیسے تُو نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ۔ اور ان
عَلَیْہِ کَمَا یُحِبُّ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ ۝
پر درود بھیج جیسے آپ پسند فرماتے ہیں کہ آپ پر درود بھیجا جائے ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ ۝
آل پر درود بھیج جیسے تُو نے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ ۝
ان کی آل پر درود بھیج جیسے کہ وہ اس کے اہل ہیں ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ
اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰاہُ لَہٗ ۝
کی آل پر درود بھیج جیسے تُو ان کے لئے پسند فرماتا ہے ۔
اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَیِّدِنَا
اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل کے رب !
مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَیِّدِنَا
ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر درود
مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِ سَیِّدَنَا مُحَمَّدَنِ الدَّرَجَۃَ
بھیج اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو جنت میں درجہ

وَالْوَسِيْلَةَ فِى الْجَنَّةِ ○ اَللّٰهُمَّ يَارَبَّ سَيِّدِنَا
اور وسیلہ عطا فرما ۔ اے اللہ ! اے ہمارے آقا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِجْزِ سَيِّدَنَا
حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل کے رب ! ہمارے آقا
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هُوَ اَهْلُهٗ ○
حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ جزا دے جس کے وہ اہل ہیں۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اے اللہ ! رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ ○
اور آپ کی آل اور آپ کے اہل بیت پر
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اے اللہ ! درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الصَّلٰوةِ
اور آپ کی آل پر یہاں تک کہ درود سے کوئی شے
شَيْءٌ ○ وَارْحَمْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا وَّاٰلَ سَيِّدِنَا
باقی نہ رہے ، اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور
مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الرَّحْمَةِ شَيْءٌ ○
آپ کی آل پر رحمت فرما ، یہاں تک کہ رحمت سے کوئی شے باقی نہ رہے ، اور
وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
برکت نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور
مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ الْبَرَكَةِ شَيْءٌ ○
آپ کی آل پر یہاں تک کہ برکت سے کوئی شے باقی نہ رہے۔

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اور سلامتی نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم
مُحَمَّدٍ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنَ السَّلَامِ شَيْءٌ ○
اور آپ کی آل پر یہاں تک کہ سلامتی سے کوئی شے باقی نہ رہے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ ○
اے اللہ ! رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم پر پہلوں میں،
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاٰخِرِيْنَ ○
اور رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پچھلوں میں
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيْنَ ○
اور رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نبیوں میں
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْمُرْسَلِيْنَ ○
اور رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی پر رسولوں میں
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
اور رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر
اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ سَيِّدَنَا
فرشتوں میں قیامت کے دن تک ۔ اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت
مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالشَّرَفَ
محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام وسیلہ ، فضیلت ، بزرگی اور بڑا
وَالدَّرَجَةَ الْكَبِيْرَةَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اٰمَنْتُ
درجہ عطا فرما ۔ اے اللہ ! میں حضرت محمد مصطفٰی
بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّلَمْ اَرَهٗ فَلَا تَحْرِمْنِىْ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لایا ، حالانکہ میں نے آپ کی زیارت نہیں کی، پس تو مجھے

فِی الْجِنَانِ رُؤْيَتَهٗ وَارْزُقْنِیْ صُحْبَتَهٗ وَ

جنّت میں ان کی زیارت سے محروم نہ فرما، مجھے ان کی صحبت عطا فرما

تَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِهٖ وَاسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِهٖ

مجھے ان کی ملّت پر قبض فرما اور مجھے ان کے حوض سے سیراب

مَشْرَبًا رَّوِيًّا سَآئِغًا هَنِيْٓئًا لَّا نَظْمَاُ

کرنے والا حلق سے بآسانی اُترنے والا اور خوشگوار پانی پلا جس کے

بَعْدَهٗٓ اَبَدًا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝

بعد ہم کبھی پیاسے نہ ہوں، بیشک تُو ہر ممکن پر قادر ہے۔

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ رُوْحَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّنِّیْ

اے اللہ! سیّدنا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رُوح کو

تَحِيَّةً وَّسَلَامًا ۝ اَللّٰهُمَّ وَكَمَآ اٰمَنْتُ

میری طرف سے تحفہ اور سلام پہنچا۔ اے اللہ! جیسے کہ میں سیّدنا

بِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّلَمْ اَرَهٗ فَلَا تَحْرِمْنِیْ

حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر زیارت کیے بغیر ایمان لایا ہوں،

فِی الْجِنَانِ رُؤْيَتَهٗ ۝ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ

پس تُو مجھے جنّت میں ان کے دیدار سے محروم نہ فرما۔ اے اللہ! سیّدنا

شَفَاعَةَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْكُبْرٰی وَارْفَعْ

حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شفاعتِ کبریٰ قبول فرما،

دَرَجَتَهُ الْعُلْيَا وَاٰتِهٖ سُؤْلَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ

ان کا بلند مرتبہ مزید بلند فرما اور دنیا و آخرت میں ان کا مقصد عطا

وَالْاُوْلٰی كَمَآ اٰتَيْتَ سَيِّدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَسَيِّدَنَا

فرما، جیسے تُو نے حضرت ابراہیم و موسیٰ علیہما السّلام کو

مُوْسٰی ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عطا فرمایا۔ اے اللہ! رحمتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی

محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اور ان کی آل پر جیسے تُو نے رحمتیں نازل

سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ

فرمائیں حضرت ابراہیم علیہ السّلام اور ان کی آل پر اور

وَبَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَا

برکتیں نازل فرما ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وسلّم اور

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَ

ان کی آل پر جیسے تُو نے برکت نازل فرمائی سیّدنا ابراہیم علیہ السّلام اور

عَلٰٓی اٰلِ سَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ان کی آل پر، بے شک تُو تعریف اور بزرگی والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَيِّدِنَا

اے اللہ! رحمت، سلامتی اور برکت نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ وَسَيِّدِنَآ اِبْرٰهِيْمَ

حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم پر جو تیرے نبی اور رسول ہیں، اور

خَلِيْلِكَ وَصَفِيِّكَ وَسَيِّدِنَا مُوْسٰی كَلِيْمِكَ

ہمارے آقا ابراہیم علیہ السّلام پر جو تیرے خلیل اور برگزیدہ ہیں اور سیّدنا موسیٰ علیہ السّلام پر

وَنَجِيِّكَ وَسَيِّدِنَا عِيْسٰی رُوْحِكَ وَ

جو تیرے ساتھ کلام اور مناجات کرنے والے ہیں، اور ہمارے آقا عیسیٰ علیہ السّلام

كَلِمَتِكَ وَعَلٰی جَمِيْعِ مَلٰٓئِكَتِكَ وَرُسُلِكَ

پر جو رُوحُ اللہ اور کلمۃُ اللہ ہیں اور تیرے تمام فرشتوں، تمام رسولوں

وَ اَنْبِيَآئِكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ وَ

تمام نبیوں تیری مخلوق میں سے تیرے برگزیدہ چنے ہوئے

اَصْفِيَآئِكَ وَخَآصَّتِكَ وَاَوْلِيَآئِكَ مِنْ

حضرات، تیرے خواص اور زمین و آسمان والوں میں سے

اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ

تیرے اولیاء پر اور اللہ تعالیٰ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَآءَ

ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنی مخلوق کی

نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

تعداد، اپنی رضا، اپنے عرش کے وزن اور اپنے کلمات کی مقدار کے برابر رحمتیں نازل فرمائے

وَكَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَكُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ

اور وہ رحمتیں جو آپ کے شایانِ شان ہیں اور ہر اس وقت جب ذکر کرنیوالے آپ کا ذکر کریں

وَغَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغٰفِلُوْنَ وَعَلٰٓى

اور غفلت والے آپ کے ذکر سے غافل رہیں

اَهْلِ بَيْتِهٖ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلِّمْ

اور آپ کے اہل بیت اور اولادِ پاک پر۔ اور خوب

تَسْلِيْمًا ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سلام بھیجے سلام بھیجنا۔ اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ

وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى جَمِيْعِ

علیہ وآلہ وسلم آپ کی ازواج مطہرات، آپ کی اولاد، تمام

النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْمُقَرَّبِيْنَ

انبیاء و مرسلین ملائکہ مقربین اور اللہ تعالیٰ

وَجَمِيْعِ عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ عَدَدَ مَآ

کے تمام نیک بندوں پر ان قطروں کے برابر رحمتیں نازل فرما

اَمْطَرَتِ السَّمَآءُ مُنْذُ بَنَيْتَهَا وَصَلِّ عَلٰى

جو آسمان نے برسائے، جب سے تُو نے انہیں بنایا ہے اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَنْبَتَتِ الْاَرْضُ

ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ان چیزوں کے برابر رحمتیں نازل فرما جو زمین نے

مُنْذُ دَحَوْتَهَا ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اُگائی ہیں جب سے تُو نے اسے پھیلایا ہے۔ اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ

عَدَدَ النُّجُوْمِ فِى السَّمَآءِ فَاِنَّكَ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر آسمان کے ستاروں کے برابر رحمتیں نازل فرما

اَحْصَيْتَهَا ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

کیونکہ تُو نے انہیں گنا ہے۔ اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ

عَدَدَ مَا تَنَفَّسَتِ الْاَرْوَاحُ مُنْذُ خَلَقْتَهَا ○

علیہ وآلہ وسلم پر اتنی رحمتیں نازل فرما کہ روحوں نے تیرے پیدا کرنے کے بعد آج تک جتنے

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ

لِيْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَاَنَا اَسْئَلُكَ وَلَا
نہ فرما جس کا تو میرے لیے ضامن ہے اور مجھے محروم نہ فرما اس حال میں
تُعَذِّبْنِيْ وَاَنَا اَسْتَغْفِرُكَ ○ (ثلثا)
کہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تو مجھے عذاب دے اس حال میں کہ میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں (تین بار)
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم پر
عَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ
رحمت و سلامتی نازل فرما - اے اللہ! بیشک میں تجھ سے سوال
وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى
کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں، تیرے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم
عِنْدَكَ يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ
کے وسیلہ سے جو تیری بارگاہ میں برگزیدہ ہیں، اے ہمارے محبوب! اے ہمارے آقا حضرت
اِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ اِلٰى رَبِّكَ فَاشْفَعْ
محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم آپ کو وسیلہ بناتے ہیں آپ کے رب کی بارگاہ میں،
لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ
آپ ہمارے لیے مولائے عظیم کی بارگاہ میں شفاعت کیجیے!

الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ ○ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا
اے بہت ہی اچھے رسول پاک - اے اللہ! تیری بارگاہ میں انہیں جو مقام
بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ ○ (ثلثا) وَاجْعَلْنَا مِنْ
حاصل ہے اس کی بدولت ان کی شفاعت ہمارے حق میں قبول فرما - (تین بار پڑھے) اور ہمیں ان کی
خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ ○ وَ
بارگاہ میں بہترین درود و سلام بھیجنے والوں
مِنْ خَيْرِ الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ وَالْوَارِدِيْنَ
ان کے بہترین مقرب، ان کی خدمت میں حاضر ہونے
عَلَيْهِ وَمِنْ اَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ فِيْهِ
ہونے والوں، ان کے ساتھ بہترین محبت کرنے والوں اور ان کے
وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ ○ وَفَرِّحْنَا بِهٖ
محبوبوں سے بنا - اور ہمیں ان کے ذریعے
فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ ○ وَاجْعَلْهُ لَنَا
قیامت کے میدانوں میں فرحت عطا فرما - اور انہیں ہمارے لیے
دَلِيْلًا اِلٰى جَنَّةِ النَّعِيْمِ بِلَا مُؤْنَةٍ وَّ
جنت نعیم کی طرف راہنما بنا - بغیر محنت اور مشقت کے
لَا مَشَقَّةٍ وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ
اور بغیر حساب کی کھود کرید کے، اور انہیں ہم پر توجہ
وَاجْعَلْهُ مُقْبِلًا عَلَيْنَا ○ وَلَا تَجْعَلْهُ
فرمانے والا بنا - اور انہیں ہم پر غضب ناک
غَاضِبًا عَلَيْنَا ○ وَاغْفِرْ لَنَا وَلِوَالِدِيْنَا
نہ بنا - ہمیں، ہمارے والدین اور

وَلِجَمِيعِ الْمُسْلِمِينَ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ

تمام مسلمانوں کو بخش دے، خواہ وہ زندہ ہیں یا فوت

وَالْمَيِّتِينَ ○ وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ

ہو گئے ہیں ۔ ہماری دُعا کا خاتمہ یہ ہے کہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے ۔

اِبْتِدَاءُ الرُّبُعِ الرَّابِعِ

چوتھے ربع کی ابتداء

فَاَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! اے اللہ! اے اللہ!

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اے حیّ و قیّوم! اے بزرگی اور بخشش والے! تیرے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ

سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، تو پاک ہے

كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ اَسْئَلُكَ بِمَا

بے شک میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں ۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ وَ

تیری عظمت، جلالت، نور اور قدرت و سلطنت کے طفیل

جَلَالِكَ وَبَهَآئِكَ وَقُدْرَتِكَ وَ

جن کی حامل تیری کرسی ہے

سُلْطَانِكَ وَبِحَقِّ اَسْمَآئِكَ الْمَخْزُوْنَةِ

اور تیرے ان پوشیدہ، مخفی اور پاک ناموں کے طفیل جن پر

الْمَكْنُوْنَةِ الْمُطَهَّرَةِ الَّتِيْ لَمْ يَطَّلِعْ

تیری مخلوق میں سے کوئی بھی

عَلَيْهَا اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ ○ وَبِحَقِّ

آگاہ نہیں ہے ۔ اور اس

الْاِسْمِ الَّذِيْ وَضَعْتَهٗ عَلَى اللَّيْلِ

نام کے طفیل جو تو نے رات پر رکھا

فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَى

تو وہ تاریک ہوگئی اور دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا اور

السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ○ وَعَلَى الْاَرْضِ

آسمانوں پر رکھا تو وہ مستحکم ہوگئے ۔ اور زمین پر رکھا تو وہ

فَاسْتَقَرَّتْ ○ وَعَلَى الْبِحَارِ فَانْفَجَرَتْ ○

ٹھہر گئی ۔ اور دریاؤں پر رکھا تو وہ جاری ہوگئے ۔

وَعَلَى الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ ○ وَعَلَى السَّحَابِ

اور چشموں پر رکھا تو وہ ابل پڑے ۔ اور بادل پر رکھا تو وہ

فَاَمْطَرَتْ ○ وَاَسْئَلُكَ بِالْاَسْمَآءِ

برسنے لگا ۔ اور میں تجھ سے ان ناموں کے طفیل

الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا

سوال کرتا ہوں جو سیّدنا

جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ○ وَبِالْاَسْمَآءِ

جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھے ہوئے ہیں اور

الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا

ان ناموں کے طفیل جو سیّدنا

إِسْرَافِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلَى جَمِيعِ
اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھے ہوتے ہیں ان پر اور تمام
الْمَلٰٓئِكَةِ ۝ وَأَسْأَلُكَ بِالْأَسْمَآءِ الْمَكْتُوبَةِ
فرشتوں پر سلام ہو۔ اور میں تجھ سے ان ناموں کے طفیل سوال
حَوْلَ الْعَرْشِ وَبِالْأَسْمَآءِ الْمَكْتُوبَةِ
کرتا ہوں جو عرش کے گرد لکھے ہوئے ہیں اور ان ناموں کے
حَوْلَ الْكُرْسِيِّ ۝ وَأَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ
طفیل جو کرسی کے گرد لکھے ہوتے ہیں۔ اور میں تجھ سے تیرے عظیم
الْعَظِيمِ الْأَعْظَمِ الَّذِي سَمَّيْتَ بِهِ
اسم اعظم کے طفیل سوال کرتا ہوں جو تو نے اپنا نام رکھا اور
نَفْسَكَ وَأَسْأَلُكَ بِحَقِّ أَسْمَآئِكَ
میں تجھ سے تیرے تمام ناموں کے طفیل سوال کرتا ہوں خواہ
كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ ۝
وہ مجھے معلوم ہیں یا نہیں
وَأَسْأَلُكَ بِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ
اور میں تجھ سے ان ناموں کے طفیل سوال کرتا
بِهَا سَيِّدُنَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ
ہوں جن کے ساتھ تجھے سیدنا آدم علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں
الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا نُوحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا نوح علیہ السلام نے
وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا صَالِحٌ عَلَيْهِ
یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا صالح علیہ السلام

السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے
يَعْقُوبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ
سیدنا یعقوب علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل
بِهَا سَيِّدُنَا يُوسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ
جن کے ساتھ تجھے یوسف علیہ السلام نے یاد کیا۔ اور ان ناموں
الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُونُسُ عَلَيْهِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا یونس علیہ السلام
السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ
سَيِّدُنَا مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ
تجھے سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں
الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا هٰرُونُ عَلَيْهِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا ہارون علیہ السلام
السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ
سَيِّدُنَا شُعَيْبٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ
تجھے سیدنا شعیب علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے
الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا إِبْرٰهِيمُ عَلَيْهِ
طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا ابراہیم علیہ السلام
السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے

سَیِّدُنَا اِسْمٰعِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں
الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا دَاوٗدُ عَلَیْہِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا داؤد علیہ السلام نے
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا
یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے
سَیِّدُنَا سُلَیْمٰنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ
سیدنا سلیمان علیہ السلام نے یاد کیا اور
بِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا
ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا
زَکَرِیَّا عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ
زکریا علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل
دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا یَحْیٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ
جن کے ساتھ تجھے سیدنا یحییٰ علیہ السلام نے یاد کیا
وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا
اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا
یُوْشَعُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ
یوشع علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل
دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا الْخَضِرُ عَلَیْہِ
جن کے ساتھ تجھے سیدنا خضر علیہ السلام نے
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا
یاد کیا ۔ اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے

سَیِّدُنَا اِلْیَاسُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
سیدنا الیاس علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں کے
الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا الْیَسَعُ عَلَیْہِ
طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا یسع علیہ السلام
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے
سَیِّدُنَا ذُوالْکِفْلِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ
سیدنا ذو الکفل علیہ السلام نے یاد کیا اور ان ناموں
الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا سَیِّدُنَا عِیْسٰی عَلَیْہِ
کے طفیل جن کے ساتھ تجھے سیدنا عیسٰی علیہ السلام
السَّلَامُ وَبِالْاَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاکَ بِھَا
نے یاد کیا اور ان ناموں کے طفیل جن کے ساتھ تجھے
سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
سیدنا محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیرے نبی مکرم
نَبِیُّکَ وَرَسُوْلُکَ وَحَبِیْبُکَ وَصَفِیُّکَ
تیرے رسول محترم ، تیرے محبوب اور تیرے برگزیدہ حبیب نے یاد کیا
یَا مَنْ قَالَ وَقَوْلُہُ الْحَقُّ وَاللّٰہُ خَلَقَکُمْ
اے وہ ذات جس نے فرمایا اور اس کا فرمان حق ہے کہ اللہ تعالیٰ
وَمَا تَعْمَلُوْنَ وَلَا یَصْدُرُ عَنْ اَحَدٍ
نے تمہیں اور تمہارے اعمال کو پیدا کیا ، اور اس کے کسی
مِّنْ عَبِیْدِہٖ قَوْلٌ وَّلَا فِعْلٌ وَّلَا حَرَکَةٌ
بندے سے جو قول اور جو فعل ، جو حرکت اور

وَّلَا سُكُوْنٌ اِلَّا وَ قَدْ سَبَقَ فِىْ عِلْمِهٖ
جو سکون صادر ہوتا ہے، اس کے علم اور اس کی
وَقَضَائِهٖ وَقَدْرِهٖ كَيْفَ يَكُوْنُ كَمَا
قضاء و قدر میں پہلے سے متعین ہوتا کہ وہ کس طرح
اَلْهَمْتَنِىْ وَقَضَيْتَ لِىْ بِقِرَاءَةِ هٰذَا
ہوگا جیسے کہ تو نے مجھے القا کیا اور اس
الْكِتٰبِ وَيَسَّرْتَ عَلَىَّ فِيْهِ الطَّرِيْقَ
کتاب (دلائل الخیرات) کو میرے لیے اس کے پڑھنے کا طریقہ اور
وَالْاَسْبَابَ وَ نَفَيْتَ عَنْ قَلْبِىْ فِىْ
اسباب آسان فرما دیئے اور میرے دل سے
هٰذَا النَّبِىِّ الْكَرِيْمِ الشَّكَّ وَالْاِرْتِيَابَ
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں شک و شبہ
وَغَلَّبْتَ حُبَّهٗ عِنْدِىْ عَلٰى حُبِّ جَمِيْعِ
کو ختم کر دیا اور میرے دل میں ان کی محبت تمام
الْاَقْرِبَاءِ وَالْاَحِبَّاءِ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ
رشتہ داروں اور دوستوں کی محبت پر غالب فرمادی، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ!
يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ اَنْ تَرْزُقَنِىْ وَكُلَّ
اے اللہ! اے اللہ! کہ تو مجھے اور سرکار کے ہر
مَنْ اَحَبَّهٗ وَاتَّبَعَهٗ شَفَاعَتَهٗ وَمُرَافَقَتَهٗ
محب اور پیروکار کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت
يَوْمَ الْحِسَابِ مِنْ غَيْرِ مُنَاقَشَةٍ وَّلَا
اور رفاقت قیامت کے دن عطا فرما، بغیر کش مکش،

عَذَابٍ وَّلَا تَوْبِيْخٍ وَّلَا عِتَابٍ وَّاَنْ
عذاب، زجر و توبیخ اور عتاب کے اور تو
تَغْفِرَ لِىْ ذُنُوْبِىْ وَتَسْتُرَ عُيُوْبِىْ
میرے گناہ بخش دے اور میرے عیب ڈھانپ دے
يَا وَهَّابُ يَا غَفَّارُ ○ وَاَنْ تُنَعِّمَنِىْ بِالنَّظَرِ
اے بڑے عطا فرمانے والے اور بخشنے والے۔ اور یہ کہ تو مجھے اپنی
اِلٰى وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ فِىْ جُمْلَةِ الْاَحْبَابِ
ذاتِ کریم کے دیدار کی نعمت عطا فرما، دوستوں کی جماعت
يَوْمَ الْمَزِيْدِ وَالثَّوَابِ ○ وَاَنْ تَتَقَبَّلَ
میں زیادتی اور ثواب کے دن۔ اور تو مجھ سے میرا
مِنِّىْ عَمَلِىْ وَاَنْ تَعْفُوَ عَمَّا اَحَاطَ
عمل قبول فرما اور تو معاف فرما ان چیزوں کو جنہیں تیرا
عِلْمُكَ بِهٖ مِنْ خَطِيْئَتِىْ وَنِسْيَانِىْ
علم محیط ہے یعنی میری خطا، میری بھول اور میری لغزش
وَزَلَلِىْ وَاَنْ تُبَلِّغَنِىْ مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِهٖ
کو اور یہ کہ تو مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کی زیارت
وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ وَعَلٰى صَاحِبَيْهِ
اور ان کی اور ان کے دو ساتھیوں کی بارگاہ میں سلام عرض کرنے
غَايَةَ اَمَلِىْ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَ
کا موقع عطا فرما جو کہ میری انتہائی آرزو ہے، اپنے فضل
جُوْدِكَ وَكَرَمِكَ يَا رَءُوْفُ يَا رَحِيْمُ
و کرم، بخشش اور عنایت سے اے مہربان! اے رحم فرمانے والے!

یَا وَلِیُّ ○ وَاَنْ تُجَازِیَهٗ عَنِّیْ وَعَنْ کُلِّ

اے کارساز۔ اور یہ کہ تو انہیں جزا عطا فرما میری طرف

مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَاتَّبَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

سے اور ان پر ہر ایمان لانے والے اور پیروکار مسلمان

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَاۗءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

مردوں اور عورتوں کی طرف سے خواہ وہ زندہ ہیں یا وفات

اَفْضَلَ وَاَتَمَّ وَاَعَمَّ مَا جَازَیْتَ بِهٖ

پا چکے ہیں وہ افضل، کامل، اور عام جزا جو تو نے

اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ

اپنی مخلوق میں سے کسی کو دی ہے، اے قوت والے! اے غالب!

یَا عَلِیُّ وَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَا

اے برتر! اور اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان اسماء

اَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَیْكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

کے طفیل جن کا میں نے تیری بارگاہ میں وسیلہ پیش کیا کہ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤی اٰلِ سَیِّدِنَا

تو ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ

رحمتیں نازل فرما ان چیزوں کی تعداد میں جن کو تو

تَکُوْنَ السَّمَاۗءُ مَبْنِیَّةً وَّالْاَرْضُ

نے پیدا فرمایا پہلے اس کے کہ آسمان بنایا گیا، زمین بچھائی

مَدْحِیَّةً وَّالْجِبَالُ عُلْوِیَّةً وَّالْعُیُوْنُ

گئی، پہاڑ بلند ہوئے، چشمے جاری ہوئے

مُنْفَجِرَةً وَّالْبِحَارُ مُسَخَّرَةً وَّ

دریا تابع فرمان ہوئے، نہریں بہنے

الْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِیَةً

لگیں سورج ضیا بار ہوا چاند

وَّالْقَمَرُ مُضِیْئًا وَّالنَّجْمُ مُنِیْرًا

روشن ہوا اور ستارے منور ہوئے

وَّلَا یَعْلَمُ اَحَدٌ حَیْثُ تَکُوْنُ اِلَّا

اور اس وقت تیری شان کو تیرے سوا کوئی نہ جانتا

اَنْتَ ○ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰۤی اٰلِهٖ

تھا۔ اور یہ کہ تو ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ کَلَامِكَ ○ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَ

رحمتیں نازل فرما اپنے کلمات کی تعداد میں۔ اور یہ کہ تو ان پر اور ان کی

عَلٰۤی اٰلِهٖ عَدَدَ اٰیَاتِ الْقُرْاٰنِ وَ

آل پر رحمتیں نازل فرما قرآن پاک کی آیات اور اس

حُرُوْفِهٖ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰۤی

کے حروف کی تعداد میں اور یہ کہ تو رحمتیں نازل فرما ان

اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ یُّصَلِّیْ عَلَیْهِ ○ وَاَنْ

پر اور ان کی آل پر درود بھیجنے والوں کی تعداد میں۔ اور یہ کہ

تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰۤی اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ

تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

لَّمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ

ان لوگوں کی تعداد میں جنہوں نے ان پر درود نہیں بھیجا

وَعَلٰٓی اٰلِهٖ مِلْءَ اَرْضِكَ وَاَنْ تُصَلِّیَ

اور یہ کہ تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اپنی

عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ مَا جَرٰی بِهِ الْقَلَمُ

زمین کی پُری کے برابر اور ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اس تعداد میں کہ قلم

فِیْٓ اُمِّ الْكِتَابِ ۝ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی

لوح محفوظ میں جاری ہوا ۔ اور ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں

اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِیْ سَبْعِ سَمٰوَاتِكَ ۝

نازل فرما اس مخلوق کی تعداد میں جو تونے اپنے ساتوں آسمانوں میں پیدا فرمائی

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ مَآ

اور تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

اَنْتَ خَالِقُهٗ فِیْهِنَّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

اس مخلوق کی تعداد میں جسے تو آسمانوں میں قیامت

فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّیَ

تک پیدا فرمانے والا ہے ، ہر دن میں ہزار مرتبہ ۔ اور تو ان پر اور

عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ قَطْرِ الْمَطَرِ وَكُلِّ

ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما بارش کے قطروں کی تعداد میں

قَطْرَةٍ قَطَرَتْ مِنْ سَمَآئِكَ اِلٰٓی اَرْضِكَ

اور ان قطروں کی تعداد میں جو تیرے آسمان سے تیری زمین کی طرف

مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

نازل ہوئے ، اس دن سے کہ تو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن

فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ (دُعاء اختتام صفحہ ۲۶۳)

تک ہر دن میں ہزار مرتبہ ۔

اَلْحِزْبُ السَّابِعُ فِیْ یَوْمِ الْاَحَدِ

ساتویں منزل اتوار کے دن پڑھی جائے

نوٹ: منزل شروع کرنے سے پہلے اسماء باری تعالیٰ صفحہ ۱۸ اور اسماء نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم صفحہ ۴۴ اور اس کے بعد کی دُعاء صفحہ ۶۳ پڑھیں

وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ

اور تو ان پر ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما ان لوگوں کی تعداد

سَبَّحَكَ وَقَدَّسَكَ وَسَجَدَ لَكَ وَ

میں جنھوں نے تیری تسبیح کی ، تیری پاکیزگی بیان کی ، تجھے سجدہ

عَظَّمَكَ مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْیَا اِلٰی

کیا ، تیری تعظیم کی اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا

یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَ

قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ ۔ اور

اَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ

تو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما ان تمام

سَنَةٍ خَلَقْتَهُمْ فِیْهَا مِنْ یَّوْمِ خَلَقْتَ

سالوں کی تعداد میں جن میں تو نے مخلوقات کو پیدا کیا ، اس

الدُّنْیَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ

دن سے کہ تو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک ، ہر دن میں

اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَعَلٰی

ہزار مرتبہ ۔ اور تو ان پر اور ان کی آل پر

اٰلِهٖ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ ۝ وَ اَنْ
رحمتیں نازل فرما چلنے والے بادلوں کی تعداد میں۔ اور تُو ان پر
تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ الرِّيَاحِ
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جاری ہونے والی ہواؤں کی
الذَّارِيَةِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى
تعداد میں اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝
قیامت کے دن تک، ہر دن میں ہزار مرتبہ۔
وَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا
اور تُو ان پر اور ان کی آل پر اتنی رحمتیں نازل
هَبَّتِ الرِّيَاحُ عَلَيْهِ وَ حَرَّكَتْهُ مِنَ
فرما جتنی کہ ان پر ہوائیں چلیں اور انہوں نے
الْاَغْصَانِ وَ الْاَشْجَارِ وَ اَوْرَاقِ الثِّمَارِ
شاخوں، درختوں، پھلوں کے پتّوں اور
وَ الْاَزْهَارِ وَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ عَلٰى قَرَارِ
پھولوں کو حرکت دی، اور اس مخلوق کی تعداد میں
اَرْضِكَ وَ مَا بَيْنَ سَمٰوٰتِكَ مِنْ يَّوْمِ
جو تُو نے روئے زمین پر اور اپنے آسمانوں میں پیدا کی،
خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ
اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک،
كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَ اَنْ تُصَلِّيَ
ہر دن میں ہزار مرتبہ۔ اور تُو ان پر اور

عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ اَمْوَاجِ بِحَارِكَ
ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اپنے دریاؤں کی موجوں کی
مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ
تعداد میں، اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت
الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝
کے دن تک، ہر دن میں ہزار مرتبہ۔
وَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ
اور تُو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما
الرَّمْلِ وَ الْحَصٰى وَ كُلِّ حَجَرٍ وَّ مَدَرٍ
ریت کے ذرّوں، کنکریوں اور ہر پتھر اور ڈھیلے
خَلَقْتَهٗ فِىْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَ مَغَارِبِهَا
کی تعداد میں جنہیں تُو نے پیدا فرمایا زمین کے مشرق اور مغرب
وَ سَهْلِهَا وَ جِبَالِهَا وَ اَوْدِيَتِهَا مِنْ يَّوْمِ
حصّوں، نرم اور پہاڑی علاقوں اور وادیوں میں اس دن سے
خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ
کہ تُو نے دُنیا کو پیدا فرمایا قیامت کے دن تک، ہر دن
كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ
میں ہزار مرتبہ۔ اور تُو ان پر اور ان کی
وَ عَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ نَبَاتِ الْاَرْضِ فِىْ
ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما زمین کے سبزوں کی تعداد
قِبْلَتِهَا وَ جَوْفِهَا وَ شَرْقِهَا وَ غَرْبِهَا
میں اس کے قبلہ، پیٹ، مشرق و مغرب،

وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا مِنْ شَجَرٍ وَّثَمَرٍ
نرم علاقوں اور پہاڑوں میں یعنی درخت، پھل، پتوں
وَّاَوْرَاقٍ وَّزَرْعٍ وَّجَمِيْعِ مَآ اَخْرَجَتْ
کھیتوں اور تمام ان نباتات اور برکتوں کی
وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ نَّبَاتِهَا وَبَرَكَاتِهَا
تعداد میں جو زمین نے نکالیں یا نکالے گی، اس
مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
دن سے کہ تُو نے مخلوق کو پیدا کیا قیامت کے دن تک
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ
ہر دن میں ہزار مرتبہ ۔ اور تُو ان پر اور ان
عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ
کی آل پر اتنی رحمتیں نازل فرما جتنے تُو نے
الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَآ
انسان جن اور شیطان پیدا کیے اور جن کو
اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
تُو ان میں سے قیامت کے دن تک پیدا کرے گا
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ
ہر دن میں ہزار مرتبہ اور تُو ان پر اور
عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ شَعْرَةٍ
ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما ان مخلوقات کے جسموں
فِيْ اَبْدَانِهِمْ وَوُجُوْهِهِمْ وَعَلٰى
چہروں اور سروں کے بالوں کی تعداد میں،

رُءُوْسِهِمْ مُّنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى
اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝
قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ
وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ
اور تُو ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل
اَنْفَاسِهِمْ وَاَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ
فرما ان مخلوقات کے سانسوں، لفظوں اور نگاہوں
مِّنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
کی تعداد میں اس دن سے کہ تُو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن
فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ
تک ہر دن میں ہزار مرتبہ ۔ اور تو ان پر اور ان
عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ طَيَرَانِ الْجِنِّ
کی آل پر رحمتیں نازل فرما جنّوں کی پروازوں اور
وَخَفَقَانِ الْاِنْسِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ
انسانوں کی حرکتوں کی تعداد میں اس دن سے کہ
الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ
تُو نے دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک ہر دن میں
اَلْفَ مَرَّةٍ ۝ وَاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
ہزار مرتبہ اور تو ان پر اور ان کی آل پر
اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ بَهِيْمَةٍ خَلَقْتَهَا عَلٰى
رحمتیں نازل فرما ہر چار پائے کی تعداد میں جسے تو نے

اَرْضِكَ صَغِيْرَةً وَّ كَبِيْرَةً فِىْ مَشَارِقِ
اپنی زمین پر پیدا کیا، خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا، زمین
الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا مِمَّا عُلِمَ وَمِمَّا لَا
کے مشرقی اور مغربی حصّوں میں عام ازیں کہ اسے جانا گیا
يَعْلَمُ عِلْمَهٗٓ اِلَّآ اَنْتَ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ
ہو یا صرف تجھے ہی اس کا علم ہو، اس دن سے کہ تُو نے
الدُّنْيَآ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ
دُنیا کو پیدا کیا قیامت کے دن تک، ہر دن میں
اَلْفَ مَرَّةٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
ہزار مرتبہ۔ اور تُو ان پر اور ان کی آل
اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَعَدَدَ
پر رحمتیں نازل فرما، ان پر درُود بھیجنے والوں اور
مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَعَدَدَ مَنْ
نہ بھیجنے والوں کی تعداد میں، اور ان لوگوں کی
يُّصَلِّىْ عَلَيْهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِىْ كُلِّ
تعداد میں جو ان پر قیامت کے دن تک درُود بھیجیں گے، ہر
يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ
دن میں ہزار مرتبہ۔ اور تُو ان پر اور ان کی
وَعَلٰٓى اٰلِهٖ عَدَدَ الْاَحْيَآءِ وَالْاَمْوَاتِ
آل پر رحمتیں نازل فرما زندوں اور مُردوں کی تعداد
وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ حِيْتَانٍ وَّطَيْرٍ
میں، اور ان مچھلیوں، پرندوں، چیونٹیوں، شہد کی مکھیوں

وَّنَمْلٍ وَّنَحْلٍ وَّحَشَرَاتٍ ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ
اور کیڑے مکوڑوں کی تعداد میں جنہیں تو نے پیدا کیا۔ اور تُو ان پر
عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ فِى الَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما رات میں جب وُہ گہری ہو جائے
وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ
اور دن میں جب وُہ روشن ہو جائے۔ اور تُو ان پر
وَعَلٰٓى اٰلِهٖ فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ○ وَاَنْ
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما دُنیا اور آخرت میں۔ اور تُو ان
تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ مُنْذُ كَانَ فِى
پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما اس وقت سے
الْمَهْدِ صَبِيًّا اِلٰٓى اَنْ صَارَ كَهْلًا مَّهْدِيًّا
کہ وُہ گہوارے میں بچے تھے یہاں تک کہ وُہ پختہ عمر راہنما ہو
فَقَبَضْتَهٗٓ اِلَيْكَ عَدْلًا مَّرْضِيًّا لِّتَبْعَثَهٗ
پھر تُو نے انہیں اپنے پاس بُلایا، اس حال میں کہ وُہ عادل اور
شَفِيْعًا حَفِيًّا ○ وَاَنْ تُصَلِّىَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
پسندیدہ تھے تاکہ تُو انہیں شفاعت کرنیوالا مہربان بنا کر اٹھائے۔ اور تُو ان پر اور ان
اٰلِهٖ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ
کی آل پر رحمتیں نازل فرما اپنی مخلوق کی تعداد، اپنی
زِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ
ذات کی رضا، اپنے عرش کے وزن اور اپنے کلمات کی
اَنْ تُعْطِيَهُ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ
مقدار کے برابر اور تُو انہیں مقامِ وسیلہ، فضیلت

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ

بلند درجہ سب کے وارد ہونے کی جگہ حوض،

وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْعِزَّ الْمَمْدُوْدَ

مقام محمود اور لافانی عزّت عطا فرما

وَاَنْ تُعَظِّمَ بُرْهَانَهٗ وَاَنْ تُشَرِّفَ

ان کی دلیل کو عظمت، ان کی عمارت کو شان و شوکت اور

بُنْيَانَهٗ وَاَنْ تَرْفَعَ مَكَانَهٗ وَاَنْ

ان کے مقام کو بلندی عطا فرما اور اے

تَسْتَعْمِلَنَا يَا مَوْلٰنَا بِسُنَّتِهٖ وَاَنْ

آقا و مولا! ہمیں ان کی سُنّت پر عمل پیرا بنا اور ہمیں

تُمِيْتَنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ ○ وَاَنْ تَحْشُرَنَا فِىْ

ان کے دین پر موت عطا فرما۔ اور تو ہمیں ان کے گروہ

زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاَنْ تَجْعَلَنَا

میں اور ان کے جھنڈے کے نیچے اُٹھا، ہمیں ان کے ساتھیوں

مِنْ رُّفَقَآئِهٖ وَاَنْ تُوْرِدَنَا حَوْضَهٗ

میں سے بنا، ہمیں ان کے حوض پر وارد فرما،

وَاَنْ تَسْقِيَنَا بِكَاْسِهٖ وَاَنْ تَنْفَعَنَا

ہمیں ان کے پیالے سے پلا، ہمیں ان کی محبّت سے نفع

بِمَحَبَّتِهٖ وَاَنْ تَتُوْبَ عَلَيْنَا وَاَنْ

عطا فرما، ہماری توبہ قبول فرما، ہمیں تمام

تُعَافِيَنَا مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ

بلاؤں، مصیبتوں اور فتنوں سے عافیت عطا فرما، خواہ

وَالْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَاَنْ

وہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ، ہم پر رحم فرما! ہمیں

تَرْحَمَنَا وَاَنْ تَعْفُوَ عَنَّا وَتَغْفِرَلَنَا وَ

معاف فرما، ہمیں اور تمام ایماندار مردوں،

لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

عورتوں اور مسلمان مردوں،

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ

عورتوں کو بخش دے، خواہ وہ زندہ

مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہیں یا فوت ہو چکے ہیں، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَهُوَ حَسْبِىْ وَنِعْمَ

کے لیے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ وہ میرے لیے کافی اور

الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

بہترین کارساز ہے، گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت

الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

صرف اللہ تعالیٰ بلند اور برتر کی توفیق سے ہے۔ اے اللہ! ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حضرت محمّد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

مَا سَجَعَتِ الْحَمَآئِمُ وَحَمَتِ الْحَوَآئِمُ

جب تک کبوتر چہچہائیں، پرندے گردش کریں،

وَسَرَحَتِ الْبَهَآئِمُ وَنَفَعَتِ التَّمَآئِمُ

چوپائے چریں، تعویذ نفع دیں،

وَشُدَّتِ الْعَمَآئِمُ وَنَمَتِ النَّوَآئِمُ ○

پگڑیاں باندھی جائیں اور اُگنے والی چیزیں اُگیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّا اَبْلَجَ الْاِصْبَاحُ

اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جب تک صبح روشن

وَهَبَّتِ الرِّيَاحُ وَدَبَّتِ الْاَشْبَاحُ وَ

ہو، ہوائیں چلیں، اجسام حرکت کریں

تَعَاقَبَ الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَتُقُلِّدَتِ

صبح و شام ایک دوسرے کے پیچھے آئیں، تلواریں

الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ

حمائل کی جائیں، نیزے باندھے جائیں

الْاَجْسَادُ وَالْاَرْوَاحُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اجسام اور روحیں تندرست ہوں - اے اللہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

مُحَمَّدٍ مَّا دَارَتِ الْاَفْلَاكُ وَدَجَتِ

رحمتیں نازل فرما جب تک آسمان گردش کریں، اندھیری

الْاَحْلَاكُ وَسَبَّحَتِ الْاَمْلَاكُ ○

راتیں تاریک ہوں اور فرشتے مصروف تسبیح رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

ان کی آل پر رحمت نازل فرما جیسے تُو نے

عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى

سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر رحمت نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کی اور ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر برکت نازل فرما جیسے تُو نے سیدنا

اِبْرٰهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ اِنَّكَ

ابراہیم علیہ السلام پر نازل کی تمام جہانوں میں، بے شک

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

تُو تعریف اور بزرگی والا ہے - اے اللہ! ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

مُحَمَّدٍ مَّا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَمَا

رحمتیں نازل فرما جب تک سورج طلوع ہوتا

صُلِّيَتِ الْخَمْسُ وَمَا تَاَلَّقَ

رہے، پانچوں نمازیں پڑھی جائیں، بجلی چمکے

بَرْقٌ وَّتَدَفَّقَ وَدْقٌ وَّمَا سَبَّحَ

بارش برسے اور فرشتہ رعد تسبیح

رَعْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

پڑھے - اے اللہ! ہمارے آقا حضرت

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْءَ

محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا

آسمانوں ، زمینوں اور ان دونوں کے درمیان فضا

وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَیْءٍۢ بَعْدُ ۝

کی پُری کے برابر ، اور ان کے علاوہ جس چیز کی پُری کے برابر تُو چاہے۔

اَللّٰهُمَّ كَمَا قَامَ بِاَعْبَاءِ الرِّسَالَةِ

اے اللہ ! جس طرح تیرے حبیب نے رسالت کی گراں بار ذمّہ داریاں اُٹھائیں ،

وَاسْتَنْقَذَ الْخَلْقَ مِنَ الْجَهَالَةِ وَ

مخلوق کو جہالت سے نکالا ،

جَاهَدَ اَهْلَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ وَدَعَا

کافروں اور گمراہوں سے جہاد کیا۔

اِلٰی تَوْحِيْدِكَ وَقَاسَى الشَّدَآئِدَ

تیری توحید کی طرف بُلایا اور تیرے بندوں

فِیْ اِرْشَادِ عَبِيْدِكَ فَاَعْطِهِ

کی راہنمائی میں مشقتیں اُٹھائیں ، لہٰذا

اَللّٰهُمَّ سُؤْلَهٗ وَبَلِّغْهُ مَا مُوْلَهٗ وَ

اے اللہ ! اسی طرح ان کا سوال پورا فرما ، انہیں

اٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

ان کے مقصد تک پہنچا ، انہیں مقام وسیلہ ، فضیلت اور

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

بلند درجہ عطا فرما ، انہیں مقام محمود پر

الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝

فائز فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے۔ بیشک تُو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ

اے اللہ ! ہمیں ان کی شریعت کا پیروکار ،

لِشَرِيْعَتِهٖ الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ

ان کی محبت کا حامل ، ان کی

الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا

ہدایت اور سیرت پر چلنے والا بنا ، اور ہمیں ان کی

عَلٰی سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ

سُنّت پر موت عطا فرما اور ہمیں ان کی شفاعت

شَفَاعَتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِیْ اَتْبَاعِهٖ

کی فضیلت سے محروم نہ فرما ، ہمیں ان کے روشن

الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَاَشْيَاعِهِ السَّابِقِيْنَ

اعضا والے متّبعین اور سبقت والے پیروکاروں اور ان

وَاَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

لوگوں سے بنا جن کا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں ہوگا ، اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے!

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مَلٰٓئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ

اے اللہ ! اپنے فرشتوں اور مقربین پر اور اپنے

وَعَلٰٓی اَنْبِيَآئِكَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰٓی

نبیوں اور رسُولوں پر اور اپنے تمام

اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ وَاجْعَلْنَا

فرمانبرداروں پر رحمت نازل فرما اور ان پر درود

بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ ۝
بھیجنے کے سبب ہمیں ان لوگوں سے بنا جن پر رحم کیا گیا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ
اے اللہ ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم

الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ وَالْاٰمِرِ
پر رحمت نازل فرما جو مکّہ مکرمہ سے مبعوث ہوئے

بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ
اور جنہوں نے نیکی اور دین پر ثابت قدمی کا حکم دیا

لِاَهْلِ الذُّنُوْبِ فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ ۝
اور جو قیامت کے میدانوں میں گنہگاروں کی شفاعت کریں گے -

اَللّٰهُمَّ اَبْلِغْ عَنَّا نَبِيَّنَا وَشَفِيْعَنَا
اے اللہ ! ہماری طرف سے ہمارے نبی ہمارے شفیع اور

وَحَبِيْبَنَا اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ
ہمارے محبوب کو افضل ترین درود و سلام پہنچا اور

وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الْكَرِيْمَ
انہیں عزت والے مقام محمود پر فائز فرما

وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ
اور انہیں فضیلت ، مقام وسیلہ اور بلند درجہ

الرَّفِيْعَةَ الَّتِيْ وَعَدْتَّهٗ فِي الْمَوْقِفِ
عطا فرما جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ، عظیم

الْعَظِيْمِ ۝ وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلٰوةً
مقام میں - اور اے اللہ ! ان پر دائمی اور مسلسل

دَائِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ ۝
رحمت نازل فرما جو پے در پے اور ہمیشہ ہو -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مَا لَاحَ
اے اللہ ! ان پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل

بَارِقٌ وَّذَرَّ شَارِقٌ وَّوَقَبَ غَاسِقٌ
فرما جب تک کہ بجلی چمکے ، سورج نکلے ، رات

وَّانْهَمَرَ وَادِقٌ ۝ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى
تاریک ہو اور بادل برسے - اور ان پر اور ان کی آل

اٰلِهٖ مِلْءَ اللَّوْحِ وَالْفَضَاءِ وَمِثْلَ
پر رحمتیں نازل فرما لوح محفوظ اور زمین و آسمان کی درمیانی فضا کی پُری کے برابر

نُجُوْمِ السَّمَاءِ وَعَدَدَ الْقَطْرِ وَالْحَصٰى
آسمان کے ستاروں ، بارش کے قطروں اور کنکریوں کی تعداد میں

وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَّا تُعَدُّ
اور ان پر اور ان کی آل پر بے حد و حساب رحمتیں نازل

وَلَا تُحْصٰى ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ زِنَةَ
فرما - اے اللہ ! ان پر رحمتیں نازل فرما

عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ وَمِدَادَ
اپنے عرش کے وزن ، اپنی رضا کے اندازے ، اپنے

كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ ۝ اَللّٰهُمَّ
کلمات کی مقدار اور اپنی رحمت کی انتہا کے مطابق - اے اللہ !

صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ
ان پر ، ان کی آل پر ، ان کی ازواج مطہرات اور ان کی اولاد

وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

پر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل، ازواجِ مطہرات اور ان کی اولاد

كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر برکتیں نازل فرما جیسے تو نے رحمت و برکت نازل فرمائی سیدنا

اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرٰهِيْمَ

ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ وَجَازِهٖ عَنَّا

بے شک تُو تعریف اور بزرگی والا ہے۔ اور انہیں ہماری طرف سے

اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ

وہ افضل ترین جزا عطا فرما جو تُو نے کسی نبی کو ان کی اُمّت کی طرف سے دی،

وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ بِمِنْهَاجِ

اور ہمیں ان کی شریعت کی راہ پر چلنے والوں میں سے

شَرِيْعَتِهٖ وَاهْدِنَا بِهَدْيِهٖ وَتَوَفَّنَا

بنا، ہمیں ان کی سیرت کی ہدایت عطا فرما، ہمیں

عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ

ان کے دین پر موت عطا فرما، ہمیں بڑے خوف کے دن ان لوگوں

مِنَ الْاٰمِنِيْنَ فِيْ زُمْرَتِهٖ وَاَمِتْنَا عَلٰى

میں سے اٹھا جو ان کی جماعت میں امن والے ہوں اور ہمیں ان

حُبِّهٖ وَحُبِّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ ۝

کی محبت اور ان کی آل پاک، ان کے اصحاب اور اولاد کی محبت پر موت عطا فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِيَآ

پر رحمتیں نازل فرما جو تیرے نبیوں میں افضل ترین، تیرے برگزیدہ بندوں میں معزز

وَاِمَامِ اَوْلِيَآئِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِيَآ

تیرے دوستوں کے امام، تیرے نبیوں کے خاتم

وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَشَهِيْ

تمام جہانوں کے رب کے محبوب

الْمُرْسَلِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ

رسولوں کے گواہ، گنہگاروں کے شفیع

سَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ اَجْمَعِيْنَ الْمَ

تمام اولادِ آدم کے سردار، جن کا

الذِّكْرِ فِي الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ الْبَ

مقرّب فرشتوں میں بلند کیا گیا، خوشخبری

النَّذِيْرِ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الصَّادِقِ الْاَ

ڈر سُنانے والے، آفتابِ عالم تاب، پیکرِ صداقت

الْحَقِّ الْمُبِيْنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ

سراپا حق بیان کرنے والے، بڑے مہربان، بہت رحم فرمانے

اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ الَّذِيْ

راہِ راست کی ہدایت دینے والے، جن کو

سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَ

بار بار پڑھی جانے والی سات آیتیں (سورہ فاتحہ) اور قرآنِ عظیم

نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِي الْاُمَّةِ

نبیِّ رحمت، اُمّت کے ہادی، سب سے

مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَيَدْخُلُ
قبر سے نکلنے والے ، سب سے پہلے جنت

الْجَنَّةَ وَالْمُؤَيَّدِ بِسَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ وَ
میں جانے والے ، اور جن کو سیدنا جبرئیل اور

سَيِّدِنَا مِيْكَائِيْلَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِي
سیدنا میکائیل علیہما السلام کے ساتھ تقویت دی گئی ، جن

التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ الْمُصْطَفَى
کی بشارت تورات اور انجیل میں دی گئی ،

الْمُجْتَبَى الْمُنْتَخَبِ اَبِى الْقَاسِمِ
برگزیدہ چُنے ہوئے منتخب ، ابوالقاسم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ
ہمارے آقا حضرت محمد بن عبد اللہ ابن

عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ ۝ اَللّٰهُمَّ
عبد المطلب بن ہاشم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اے اللہ!

صَلِّ عَلٰى مَلٰٓئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ
اپنے فرشتوں اور ان مقربین پر رحمتیں

الَّذِيْنَ يُسَبِّحُوْنَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ
نازل فرما جو دن رات تیری تسبیح بیان کرتے ہیں

لَا يَفْتُرُوْنَ وَلَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَا
تھکتے نہیں اور اللہ تعالیٰ نے انہیں جو حکم دیا اس

اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝
کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو کچھ انہیں حکم دیا جاتا ہے وہی کرتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ وَكَمَا اصْطَفَيْتَهُمْ سُفَرَآءَ
اے اللہ! جس طرح تُو نے انہیں اپنے رسولوں کی طرف

اِلٰى رُسُلِكَ وَاُمَنَآءَ عَلٰى وَحْيِكَ وَ
سفیر ، اپنی وحی کا امین اور اپنی

شُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ
مخلوق پر گواہ منتخب کیا ، ان کے لیے اپنے

كُنُفَ حُجُبِكَ وَاَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ
پردوں کے کنارے کھول دیئے ، انہیں اپنے مخفی غیب

غَيْبِكَ وَاخْتَرْتَ مِنْهُمْ خَزَنَةً
پر آگاہ کیا ، ان میں سے کچھ اپنی جنت کے محافظ

لِجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ
اور کچھ اپنے عرش کے اُٹھانے والے بنائے ،

مِنْ اَكْثَرِ جُنُوْدِكَ وَفَضَّلْتَهُمْ عَلَى
انہیں اپنا عظیم ترین لشکر بنایا ، انہیں دوسری

الْوَرٰى وَاَسْكَنْتَهُمُ السَّمٰوٰتِ الْعُلٰى
مخلوقات پر فضیلت دی ، انہیں اپنے بلند آسمانوں میں

وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ الْمَعَاصِىْ وَالدَّنَآءَاتِ
ٹھہرایا ، انہیں گناہوں اور گھٹیا خصلتوں سے پاک کیا اور

وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ النَّقَآئِصِ وَالْاٰفَاتِ
انہیں نقصانات اور آفتوں سے پاک کیا ، اسی طرح

فَصَلِّ عَلَيْهِمْ صَلٰوةً دَآئِمَةً تَزِيْدُهُمْ
ان پر دائمی رحمت نازل فرما جس کے سبب تُو

بِهَا فَضْلًا وَّ تَجْعَلْنَا لِاسْتِغْفَارِهِمْ بِهَآ

ان کی فضیلت میں اضافہ فرما اور اس رحمت کے سبب ہمیں ان کے

اَهْلًا ۝ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ

استغفار کے لائق بنا۔ اے اللہ! اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر

اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ الَّذِيْنَ شَرَحْتَ

رحمتیں نازل فرما تُو نے جن کے سینے

صُدُوْرَهُمْ وَاَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ

کھول دیئے، ان کے پاس اپنی حکمت امانت رکھی،

وَطَوَّقْتَهُمْ نُبُوَّتَكَ وَاَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ

ان کے کندھوں پر بارِ نبوت ڈالا، ان پر اپنی

كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا

کتابیں نازل کیں، ان کی بدولت اپنی مخلوق کو

اِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَشَوَّقُوْا اِلٰى وَعْدِكَ

ہدایت دی، انہوں نے تیری توحید کی طرف بلایا، تیرے وعدے

وَخَوَّفُوْا مِنْ وَّعِيْدِكَ وَاَرْشَدُوْا

کا شوق دلایا، تیری وعید سے ڈرایا، تیرے راستے

اِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا بِحُجَّتِكَ وَ

کی طرف راہنمائی کی اور تیری حجت اور دلیل

دَلِيْلِكَ وَسَلِّمِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ

کے ساتھ قائم ہوئے۔ اے اللہ! ان پر

تَسْلِيْمًا وَّهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ

خوب خوب سلامتی بھیج سلامتی بھیجنا اور ان پر درود بھیجنے کی بدولت

اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ہمیں اجرِ عظیم عطا فرما۔ اے اللہ! ہمارے آقا

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّيْ

دائمی اور مقبول رحمت نازل فرما جس کی بدولت تو

بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ان کا عظیم حق ہماری طرف سے ادا فرما دے اے اللہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُسْنِ

آقا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمتیں نازل

وَالْجَمَالِ وَالْبَهْجَةِ وَالْكَمَالِ وَالْبَهَآءِ

فرما جو حسن و جمال، رونق اور کمال، روشنی

وَالنُّوْرِ وَالْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ وَالْغُرَفِ

اور نور، غلاموں اور حوروں، بالاخانوں اور

وَالْقُصُوْرِ وَاللِّسَانِ الشَّكُوْرِ وَالْقَلْبِ

محلات، شکر گزار زبان، تعریف کیے ہوئے

الْمَشْكُوْرِ وَالْعِلْمِ الْمَشْهُوْرِ وَالْجَيْشِ

دل، مشہور علم، فتح دیئے ہوئے لشکر، صاحبزادوں

الْمَنْصُوْرِ وَالْبَنِيْنَ وَالْبَنَاتِ وَالْاَزْوَاجِ

اور صاحبزادیوں اور ازواجِ مطہرات والے

الطَّاهِرَاتِ وَالْعُلُوِّ عَلَى الدَّرَجَاتِ

ہیں، اور بلندی درجات، زمزم،

وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ
مقامِ ابراہیم اور مشعرِ حرام والے ،
وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَتَرْبِيَةِ الْاَيْتَامِ
گناہوں سے پرہیز کرنے والے ، یتیموں کی تربیت فرمانے والے
وَالْحَجِّ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَتَسْبِيْحِ
حج ، تلاوتِ قرآن اللہ تعالیٰ کی
الرَّحْمٰنِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَاللِّوَاءِ
تسبیح اور رمضان کے روزوں والے ، باندھے ہوئے
الْمَعْقُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالْوَفَاءِ
جھنڈے ، بخشش و کرم والے اور وعدوں کو
بِالْعُهُوْدِ صَاحِبِ الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِيْبِ
پورا کرنے والے ، نیک کاموں کی رغبت رکھنے والے اور رغبت دلانے والے
وَالْبَغْلَةِ وَالنَّجِيْبِ وَالْحَوْضِ وَالْقَضِيْبِ
نجیب نامی گھوڑے والے ، حوض کوثر کے مالک اور تلوار والے ،
النَّبِيِّ الْاَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ
اللہ تعالیٰ کی طرف بکثرت رجوع کرنے والے نبی ، حق کہنے والے نبی
الْمَنْعُوْتِ فِي الْكِتَابِ النَّبِيِّ عَبْدِ اللّٰهِ
جن کی تعریف کتاب میں کی گئی ، اللہ تعالیٰ کے مکرم بندے
النَّبِيِّ كَنْزِ اللّٰهِ النَّبِيِّ حُجَّةِ اللّٰهِ النَّبِيِّ
نبی ، اللہ تعالیٰ کے خزانے ، نبی ، اللہ تعالیٰ کی حجت ، نبی ، وہ نبی
مَنْ اَطَاعَهٗ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ
جس نے ان کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس

عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ ۝ النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ
ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ۔ نبی عربی
الْقُرَشِيِّ الزَّمْزَمِيِّ الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ
قریشی ، زمزم والے ، مکۂ مکرمہ اور تہامہ والے
صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ وَالطَّرْفِ
حسین چہرے اور سرمگیں آنکھوں والے
الْكَحِيْلِ وَالْخَدِّ الْاَسِيْلِ وَالْكَوْثَرِ
پُرکشش رخسار والے ، کوثر و
وَالسَّلْسَبِيْلِ قَاهِرِ الْمُضَادِّيْنَ مُبِيْدِ
سلسبیل والے ، مخالفوں پر غلبہ پانے والے ،
الْكَافِرِيْنَ وَقَاتِلِ الْمُشْرِكِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ
کافروں کو ہلاک کرنے والے ، مشرکوں کو قتل کرنے والے
الْمُحَجَّلِيْنَ اِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَ
چمکدار اعضاء والوں کے راہنما جنّتِ نعیم اور
جِوَارِ الْكَرِيْمِ صَاحِبِ سَيِّدِنَا
کریم کی پناہ کی طرف ، سیّدنا
جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَسُوْلِ
جبریل علیہ السلام سے مصاحبت رکھنے والے ،
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ
تمام جہانوں کے پروردگار کے رسول ، گناہگاروں کے شفیع اور
وَغَايَةِ الْغَمَامِ ۝ وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ
ابرِ رحمت کی انتہا ، تاریکیوں کے چراغ اور

وَقَمَرِ التَّمَامِ ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
چودھویں کے چاند ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی

عَلٰٓى اٰلِهِ الْمُصْطَفَيْنَ مِنْ اَطْهَرِ جِبِلَّةٍ
آل پر رحمت نازل فرماتے جو پاکیزہ ترین گروہ سے

صَلٰوةً دَآئِمَةً عَلَى الْاَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ
منتخب ہیں ، ایسی رحمت جو ہمیشہ ہمیشہ ہو ، منقطع نہ ہو ، اللہ تعالیٰ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهِ صَلٰوةً يَّتَجَدَّدُ
ان پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے جس کے ساتھ

بِهَا حُبُوْرُهٗ وَيُشَرَّفُ بِهَا فِى الْمِيْعَادِ
آپ کی خوشی تازہ ہوتی رہے اور اس کے ساتھ قیامت

بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ ○ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
کے دن آپ کا اُٹھنا اور تشریف لانا مشرّف ہو ۔ پس اللہ تعالیٰ ان پر اور

وَعَلٰٓى اٰلِهِ الْاَنْجُمِ الطَّوَالِعِ صَلٰوةً
اور ان کی آل ، چمکنے والے ستاروں پر ایسی رحمت

تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ اَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ
نازل فرماتے جو ان پر موسلا دھار برسنے والے بادلوں کی طرح برسے

اَرْسَلَهٗ مِنْ اَرْجَحِ الْعَرَبِ مِيْزَانًا
اللہ تعالیٰ نے انہیں بھیجا قدر و منزلت میں افضل ترین عرب سے

وَّاَوْضَحِهَا بَيَانًا وَّاَفْصَحِهَا لِسَانًا
بیان میں ان سے واضح ترین ، زبان میں ان سے زیادہ فصیح

وَّاَشْمَخِهَا اِيْمَانًا وَّاَعْلٰهَا مَقَامًا
ایمان میں زیادہ بلند ، مقام میں بہت اعلیٰ

وَّاَحْلٰهَا كَلَامًا وَّاَوْفٰهَا ذِمَامًا وَّ
کلام میں بہت شیریں ، بزرگی میں سب سے

اَصْفٰهَا رَغَامًا ○ فَاَوْضَحَ الطَّرِيْقَةَ
اعلیٰ ، اور نسب میں ان سب سے زیادہ صاف ۔ پس آپ نے دین کا راستہ واضح

وَنَصَحَ الْخَلِيْقَةَ وَشَهَّرَ الْاِسْلَامَ وَ
کیا ، مخلوق کو نصیحت کی ، اسلام کو شہرت دی ، بتوں کو توڑ

كَسَّرَ الْاَصْنَامَ وَاَظْهَرَ الْاَحْكَامَ وَ
ڈالا ، احکام کو ظاہر کیا ، حرام

حَظَرَ الْحَرَامَ وَعَمَّ بِالْاِنْعَامِ
سے منع کیا اور نعمتوں کو عام کر دیا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهِ فِىْ كُلِّ
اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر ہر مجلس اور ہر

مَحْفِلٍ وَّمَقَامٍ اَفْضَلَ الصَّلٰوةِ
مقام میں افضل ترین رحمت اور سلامتی

وَالسَّلَامِ ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى
نازل فرمائے ۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر

اٰلِهِ عَوْدًا وَّبَدْءً صَلٰوةً تَكُوْنُ
اوّل اور آخر رحمت نازل فرمائے ایسی رحمت جو ذخیرہ

ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
اور وظیفہ ہو ۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی اولاد

وَعَلٰٓى اٰلِهِ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً
پر کامل اور پاکیزہ رحمت نازل فرمائے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتْبَعُهَا
اللّٰہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے

رَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ وَّرِضْوَانٌ ○
جس کے پیچھے راحت اور آسانی ہو، اور اس کے پیچھے مغفرت اور رضا ہو،

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَفْضَلِ مَنْ طَابَ مِنْهُ
اللّٰہ تعالیٰ اس افضل ذاتِ اقدس پر رحمت نازل فرمائے جن سے نسب

النِّجَارُ وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ
کو پاکیزگی ملی جن کی بدولت قابلِ تعریف صفات بلند ہوئیں، جن کی

جَبِيْنِهِ الْاَقْمَارُ ○ وَتَضَاءَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ يَمِيْنِهٖ
پیشانی کے نور سے چاند روشن ہوئے اور جن کے دستِ کرم کی سخاوت کے آگے بادل

الْغَمَائِمُ وَالْبِحَارُ سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ
اور دریا ہیچ ہو گئے، ہمارے آقا اور نبی حضرت

بِبَاهِرِ اٰيَاتِهٖ اَضَاءَتِ الْاَنْجَادُ وَالْاَغْوَارُ ○ وَ
محمد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ وسلم جن کی روشن آیتوں سے بلند اور پست زمینیں جگمگا اٹھیں اور

بِمُعْجِزَاتِ اٰيَاتِهٖ نَطَقَ الْكِتَابُ وَتَوَاتَرَتِ
جن کی آیتوں کے معجزات قرآن پاک اور متواتر حدیثوں نے

الْاَخْبَارُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ
بیان کئے، اللّٰہ تعالیٰ ان پر، ان کی آل اور ان کے اصحاب

الَّذِيْنَ هَاجَرُوْا لِنُصْرَتِهٖ وَنَصَرُوْهُ فِىْ هِجْرَتِهٖ
پر رحمتیں نازل فرمائے جنہوں نے آپ کی امداد کے لیے ہجرت کی اور آپ

فَنِعْمَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْاَنْصَارُ صَلٰوةً
کی ہجرت میں امداد کی، پس مہاجر اور انصار کتنے اچھے تھے؟ ایسی

نَّامِيَةً دَائِمَةً مَّا سَجَعَتْ فِىْ اَيْكِهَا الْاَطْيَارُ
رحمت جو روز افزوں ترقی پر اور ہمیشہ ہو جب تک پرندے اپنے جنگلوں میں چہچہائیں

وَهَمَعَتْ بِوَبْلِهَا الدِّيْمَةُ الْمِدْرَارُ ضَاعَفَ
جنگلوں میں چہچہائیں اور موسلا دھار بارش مزید قوت کے ساتھ برسے،

اللّٰهُ عَلَيْهِ دَائِمَ صَلَوَاتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
اللّٰہ تعالیٰ اپنی دائمی رحمتوں کو ان پر دوگنا فرمائے۔ اے اللّٰہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ
آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اور ان کی پاکیزہ اور بزرگ

الْكِرَامِ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ
آل پر ایسی رحمت نازل فرما جو مسلسل ہو اور وہ ہمیشہ کے لیے

بِدَوَامِ ذِى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○ اَللّٰهُمَّ
صاحبِ جلال اور بخشش کے دوام سے متصل ہو۔ اے اللّٰہ!

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ هُوَ قُطْبُ
ہمارے آقا حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت نازل فرما

الْجَلَالَةِ وَشَمْسُ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ وَالْهَادِىْ
جو بزرگی کے قطب، نبوت و رسالت کے آفتاب، گمراہی سے

مِنَ الضَّلَالَةِ وَالْمُنْقِذُ مِنَ الْجَهَالَةِ
ہدایت کی طرف لے جانے والے، اور جہالت سے نجات دینے والے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ
ہیں، اللّٰہ تعالیٰ ان پر رحمت و سلامتی نازل فرمائے ایسی رحمت

وَالتَّوَالِىْ مُتَعَاقِبَةً بِتَعَاقُبِ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِىْ ○ (ربع)
جو ہمیشہ مسلسل اور پے در پے ہو اور دنوں اور راتوں کی گردش کے ساتھ جاری رہے۔

اَلْحِزْبُ الثَّامِنُ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

آٹھویں منزل پیر کے دن پڑھی جائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الزَّاھِدِ

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم دنیا سے

رَسُوْلِ الْمَلِكِ الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّى اللّٰهُ

بے نیاز نبی، بادشاہ، بے نیاز اور واحد حقیقی کے رسول، اللہ تعالٰی

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَآئِمَةً اِلٰى مُنْتَهَى الْاَبَدِ

ان پر ایسی رحمت نازل فرماتے جو زمانہ کی آخری حد تک منقطع اور ختم ہوتے

بِلَا انْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِهَا

بغیر ہمیشہ جاری رہے، ایسی رحمت ہو کہ تو ہمیں اس کے سبب جہنّم

مِنْ حَرِّ جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ اَللّٰهُمَّ

کی گرمی اور بُرے ٹھکانے سے نجات دے۔ اے اللہ!

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی

ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وسلّم نبی اُمّی اور ان

اٰلِهٖ وَسَلِّمْ صَلٰوةً لَّا یُحْصٰی لَهَا عَدَدٌ وَّلَا

کی آل پر اتنی رحمتیں اور سلام نازل فرما جن کی گنتی نہ کی جا سکے

یُعَدُّ لَهَا مَدَدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور اس میں زیادتی نہ کی جا سکے اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْرِمُ بِهَا مَثْوَاهُ وَتُبَلِّغُ بِهَا

پر ایسی رحمت نازل فرما جس کے ذریعے تو ان کی آرام گاہ کی عزّت میں اضافہ کرے اور اس کی

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ ۝

بدولت قیامت کے دن شفاعت سے ان کی رضا کو پورا فرمائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاَصِیْلِ

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نبی

السَّیِّدِ النَّبِیْلِ الَّذِیْ جَآءَ بِالْوَحْیِ وَالتَّنْزِیْلِ

عالی نسب، سردار، صاحبِ عظمت جو وحی اور قرآن پاک لائے، واضح طور

وَاَوْضَحَ بَیَانَ التَّاْوِیْلِ وَجَآءَهُ الْاَمِیْنُ

پر تفسیر بیان کی، ان کے پاس سیّدنا

سَیِّدُنَا جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِالْكَرَامَةِ وَ

جبریل امین علیہ السّلام عزّت اور فضیلت لائے

التَّفْضِیْلِ وَاَسْرٰی بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِیْلُ فِی اللَّیْلِ

صاحبِ جلالت بادشاہ نے انہیں تاریک اور دراز رات میں

الْبَهِیْمِ الطَّوِیْلِ فَكَشَفَ لَهٗ عَنْ اَعْلَى الْمَلَكُوْتِ

سیر کرائی، پس ان کے لیے عالم ملکوت کو منکشف فرمایا اور انہیں

وَاَرَاهُ سَنَآءَ الْجَبَرُوْتِ وَنَظَرَ اِلٰی قُدْرَةِ الْحَیِّ

عالم جبروت کی بلندی دکھائی اور انہوں نے زندہ و پائندہ

الدَّآئِمِ الْبَاقِی الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ ۝ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ

باقی اور اس ذات کی قدرت دیکھی جسے موت نہیں۔ اللہ تعالٰی ان پر ایسی

وَسَلَّمَ صَلٰوةً مَّقْرُوْنَةً بِالْجَمَالِ وَالْحُسْنِ وَ

رحمت نازل فرماتے جو حسن و جمال خیر و کمال

الْكَمَالِ وَالْخَیْرِ وَالْاِفْضَالِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

اور انعام کے ساتھ متصل ہو۔ اے اللہ! ہمارے آقا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

حضرت محمّد مصطفٰے صلّی اللہ علیہ وسلّم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل

الْاَقْطَارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
فرما قطروں کی تعداد میں۔ ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ وَرَقِ الْاَشْجَارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى
ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما درختوں کے پتوں کی تعداد میں۔ ہمارے آقا
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما
زَبَدِ الْبِحَارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
سمندروں کی جھاگ کی مقدار میں۔ ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْاَنْهَارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما نہروں کی تعداد میں۔ ہمارے آقا حضرت
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَمْلِ
محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جنگلوں
الصَّحَارٰى وَالْقِفَارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اور چٹیل میدانوں کی ریت کی تعداد میں۔ ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ ثِقْلِ الْجِبَالِ وَالْاَحْجَارِ ○
اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما پہاڑوں اور پتھروں کے بوجھ کی مقدار میں۔
وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہمارے آقا حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر رحمتیں نازل
عَدَدَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِ النَّارِ ○ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
